URDU NOVEL BANK

# ناول: آسیب محبت

## رائٹر: ملائکہ حورین

## مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق مصنفین کے نام محفوظ ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ ناول بینک ویب پر اپنی تحریر پبلش کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمارے واٹس اپ یا ای میل پر سینڈ کردیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com
WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

URDU NOVEL BANK

یہ کہانی ہے ایک انوکھی محبت کی داستان کی۔۔۔!

ایسی محبت جس میں حسب نسل دنیا معنی نہیں رکھتی۔ روح کی محبت جس میں خود کو ہی سلگا دیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کہانی ہے پری وش کی جس کی زندگی کو ایک واقع نے الجھا کے رکھ دیا سوالیہ نشان بنا دیا۔ کہانی ہے زوبی کی جو اپنے من پسند شخص کو دوستی کی خاطر چھوڑ رہی ہے۔ کہانی ہے ازلان کی جو اپنی محبت کو پانے کے لیے خود کو بھول کہ آخری حد بھی پار کرنے کو تیار ہے۔ کہانی ہے عمر کی جو اپنے مفاد کے لیے ہر ایک کی زندگی داؤ پہ لگانے کو تیار ہے۔ اس کہانی میں ہر کردار خود کی زندگی کو سلجھانے میں لگا

URDU NOVEL BANK

ہے۔ ہر کردار اپنی ایک منفرد خاصیت رکھتا ہے۔ اور یہ کہانی ایک ایسے انسان کی بھی ہے جو نیگیٹو سے پوزیٹو کی طرف آتا ہے۔

اس کہانی میں آپ کو غصہ، اداسی ، بے بسی، مفادپرستی، غم اور ان سب کے اوپر حاوی ہوتے محبت کے سچے جذبات پڑھنے کو ملیں گے۔

-----------------------------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

# "آسیب محبت"

(" نیلے آسمان نے اس محل کو اپنے سایے میں ڈھانپا ہوا تھا۔"

"محل کے اندر ہر چیز کو سفید پھولوں سے سجایا گیا تھا ہر جگہ سفید پھول لگائے گے تھے۔"

ہرچیز کو سفید اور ان کے اندر کہیں کہیں نیلے رنگ کے پھول سے سجایا گیا تھا، لائٹنگ بھی زیادہ تر سفید ہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ایسے لگ رہا تھا جیسے محل میں کوئی خاص دن ہو کسی خاص رنگ کا۔"

"یہاں تک کہ محل کے مکینوں نے بھی سفید اور نیلے رنگ کی پوشاک پہنی ہوئی تھی۔"

URDU NOVEL BANK

"لیکن اس خاص انسان نے جس کے لیے یہ ساری تیاری کی گئی تھی اس نے صرف سفید رنگ کی پوشاک پہنی ہوئی تھی۔"

"وہ اپنی کنیزوں کے حلقے میں گھری ہوئی تھی اس کی کنیزیں اسے سجا رہی تھیں۔"

"وہ اس وقت لمبی سفید پوشاک اور ساتھ میں سفید اور نیلے رنگ کے پھولوں سے مزین زیور سے سجی ہوئی کسی ریاست کی ملکہ لگ رہی تھی۔")

پری وش-----!پری وش------!

عزرہ بیگم جو کہ اپنی اکلوتی صاحب زادی کو دیکھنے آئی تھیں کہ وہ ابھی تک نیچے کیوں نہیں آئی اسے اس طرح بے سدھ سوتے دیکھ کر انکا پارہ ہائی ہوا۔

'انہوں نے کھڑکی کے پردے سائیڈ پہ کرتے ہوئے کھڑکی کے دونوں پٹ کھول دیئے۔"

سورج کی کرنیں سیدھی کھڑکی سے گزرتی ہوئی پری وش کے چہرے پر پڑ رہی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جنہیں وہ اپنے بازوؤں کا حلقہ بنا کے روکنے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے اٹھ بیٹھی ۔"

"اقف--------------!

"کیا ہے ماما---؟"

"آپ مجھے سکون سے میری نیند بھی پوری نہیں کرنے دیتی۔"

"پتہ نہیں کیا دشمنی ہے آپ کی مجھ سے، مجھے تو لگتا ہے کہ میں آپ کی سوتیلی بیٹی ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"وہ منہ بوسورتے ہوئے عزہ بیگم کو کہہ رہی تھی، جو ہاتھ باندھے تیکھی نظروں سے اسے ہی دیکھ رہی تھیں۔"

ہاں---!ہو تم میری سوتیلی بیٹی -------!

"ٹائم دیکھا ہے کیا ہو رہا ہے---؟"

URDU NOVEL BANK

"کالج نہیں جانا کیا آج---؟"

نیچے تمہارے بابا ناشتے پہ تمہارا انتظار کر رہے ہیں کہ میری پری بیٹی آئے گی تو ہی ناشتہ کیا جائے گا لیکن ان کی یہ صاحب زادی تو نیند کے مزے لوٹ رہی ہے۔

افف ہو---! ماما-----!

آپ تو نان سٹاپ میری کلاس لینا شروع ہو گئی۔

"آپ کو پتہ ہے میں اتنا پیارا، سہانا، دلکش سپنا دیکھ رہی تھی۔"

بیٹھیں---! میں آپ کو سناؤ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" بی بی تم رہنے ہی دو بچپن سے تم ایک ہی سپنا دیکھتی آ رہی ہو اور ہم وہ سن سن کے پک چکے ہیں۔"

"تم یہ اپنے سپنوں کی دنیا سے باہر نکل آؤ پتہ نہیں کیا کیا سوچتی رہتی ہو۔"

چلو اب اٹھو جلدی کرو تمہارے بابا انتظار کر رہے ہیں، اور زوبی بھی آتی ہو گی۔

URDU NOVEL BANK

"سیکھو کچھ اس سے کس طرح اس نے پورا گھر سنبھالا ہوا ہے اور وقت پہ ہر کام ختم کر کے تمہیں بھی لینے آتی ہے۔"

"مجھے سمجھ نہیں آتی وہ تمہاری دوست بن کیسے گئی، ماشاءاللہ سے وہ اتنی سلجھی ہوئی بچی ہے اور ایک ہماری بچی جسے اپنے سپنے دیکھنے سے ہی فرصت نہیں ہے۔"

وہ مسلسل اسے صلواتیں سنا رہی تھیں اور ساتھ ہی ساتھ اس کے کمرے کا پھیلاوا بھی سمیٹ رہی تھیں۔

"پری وش اس روزانہ کی ہوتی تقریر سے بور ہوتے ہوئے فریش ہونے چلی گئی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

---

Good morning baba....”

پری وش نے ناشتے کی ٹیبل پہ بیٹھتے ہوئے کہا۔

پری بیٹا کتنی بار آپ کو کہا ہے کہ اسلام علیکم کہتے ہیں۔ یہ

good morning کہنا ہماری تہذیب نہیں ہے۔

افف ہو بابا!!!

آپ بھی اب شروع ہو جائیں پہلے ہی ماما نے مجھے اتنا ڈانٹ دیا ہے۔

مجھے تو لگتا ہے کہ آج ناشتے کی جگہ مجھے ڈانٹ کھانے کو ہی ملے گی۔"

ہاں۔۔۔! 'ٹھیک ہے اب لگاؤ باپ کو میری شکایت، تمہارے لیے ہی میں تم پہ سختی کرتی ہوں۔'

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے بھئی!!"

"کل کو سسرال جائے گی تو باتیں تو ہمیں ہی سننے کو ملیں گی کہ ماں باپ نے کچھ سکھایا نہیں۔"

"عزرہ!!! اب بس بھی کرو ناشتہ تو کرنے دو اسے۔"

اشفاق احمد نے عزرہ بیگم کو ٹوکتے ہوئے کہا۔

URDU NOVEL BANK

چلو بابا کی پری بیٹی آپ اپنا موڈ خراب نہ کریں، ناشتہ کریں۔

ہاں۔۔۔! بس ٹھیک ہے آپ بگاڑ دیں اسے پہلے ہی یہ کہاں سنتی ہے میری۔

"ماما اب تو مجھے یقین ہو گیا ہے کہ میں آپ کی سوتیلی بیٹی ہی ہوں۔"

"بابا مجھے نہیں کرنا کوئی ناشتہ میں جارہی ہوں۔"

ارے بیٹا!!!

بات تو سنو، ایسے خالی پیٹ نہیں جاتے کچھ تو کھا لو آپ کو تو اپنی ماں کا پتہ ہی ہے تو کیوں غصہ کر رہی ہو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں بابا۔۔۔۔!

اس سے پہلے کہ پری وش کچھ کہتی گاڑی کا ہارن ہوا۔

"بابا زوبی آ گئی ہے میں بس جا رہی ہوں، کالج میں ہی کچھ کھا لوں گی۔"

URDU NOVEL BANK

عزرہ بیگم کتنی بار آپ کو کہا ہے کہ اسے اس طرح نہ ڈانٹا کریں ایک ہی تو بیٹی ہے ہماری پتہ نہیں آگے اس کا کیا نصیب ہو ماں باپ کے گھر تو سکون کر لے۔

اشفاق احمد نے پری وش کے جاتے ہی عزرہ بیگم کو کہا۔

"یہی بات۔۔۔۔!"

"اسی وجہ سے تو میں ڈانٹتی ہوں اسے۔"

"آپ کو کیا لگتا ہے میں یہ سب جان بوجھ کہ کرتی ہوں؟"

اشفاق صاحب وہ میری بھی بیٹی ہے مجھے میری جان سے بھی عزیز ہے۔ میں اس کے نصیب ہی سے تو ڈرتی ہوں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ اس جوتش کو بھول گئے جو ہمیں پری کی پیدائش پہ ہسپتال میں ملا تھا۔"

کیا کہا تھا اس نے۔۔۔۔۔؟

URDU NOVEL BANK

کہ جب ہماری بچی اٹھارہ کی ہو جائے ہم نے اس کا زیادہ خیال رکھنا ہے نہیں تو کوئی انوکھی طاقت اسے ہم سے دور کر دے گی، اور وہ جو بچپن سے خواب دیکھتی آ رہی ہے۔

"کیا مطلب ہے اس خواب کا۔۔۔۔؟"

بس۔۔۔۔!!!

"اشفاق صاحب نے انہیں ہاتھ کے اشارے سے چپ ہونے کا کہا۔"

عزرہ بیگم آپ پریشان نہ ہوں کچھ نہیں ہو گا ہماری بچی کو، وہ ہمارے ساتھ ہی رہے گی آپ زیادہ نہ سوچے اس طرح تو آپ خود ہی پری کو اپنے سے دور کر دیں گی۔

اور رہی بات اس خواب کی تو اس سے اتنا پریشان کیوں ہونا۔۔۔۔۔؟

"لیکن اشفاق صاحب اس نے آج پھر وہی خواب دیکھا اور اب اس کے اٹھارہ برس ہونے میں صرف پانچ دن باقی ہیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"عزرہ بیگم اچھا سوچیں گی تو اچھا ہو گا۔"

"چلیں اب زیادہ نہیں سوچیں ناشتہ کریں۔"

-----------------------------

تمہیں کیا ہوا ہے؟

اتنا غصہ کس بات کا ہے--؟

"زوبی نے پری وش کے چہرے کے بگڑے تیور دیکھ کر پوچھا۔"

"کچھ نہیں یار---! تم گاڑی چلاؤ۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی نے حیران ہوتے ہوئے خاموشی سے گاڑی سٹارٹ کی، جانتی تھی کہ یہ اب خود ہی بولے گی۔

ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ پری وش اشفاق احمد کوئی بھی بات اپنی بیسٹ فرینڈ سے چھپایا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کچھ دیر اسی طرح خاموشی رہی جسے پری وش کی آواز نے ہی توڑا۔

"یار۔۔۔۔۔! ایک تو مجھے ماما کی سمجھ نہیں آتی۔"

"کیوں۔۔۔۔؟ اب کیا کہہ دیا آنٹی نے تمہیں؟"

یہی تو مسئلہ ہے یار۔۔۔۔!

"کیا مطلب؟"

زوبی مجھے ایسے لگتا ہے کہ کوئی بات ہے جو ماما کو ڈسٹرب کرتی ہے جو وہ بتا بھی نہیں سکتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اور تمہیں ایسا کیوں لگتا ہے۔۔۔۔؟"

یار میں جب بھی ماما کو بتاتی ہوں کہ میں نے پھر سے وہی خواب دیکھا، تو وہ فوراً سے غصے میں آ جاتی ہیں مجھے ڈانٹنا شروع کر دیتی ہیں۔

"تو اس میں پریشانی والی کونسی بات ہے۔"

URDU NOVEL BANK

ظاہر ہے وہ بھی میری طرح تمہارا ایک ہی خواب بار بار سن کر تھک گئی ہوں گی تبھی انہیں اب غصہ آ جاتا۔

"تم کہنا کیا چاہتی ہو تم میری باتیں سن کے تھک جاتی ہو۔"

ہاں ٹھیک ہے اب میں کسی کو کچھ نہیں بتایا کروں گی۔

"کوئی نہیں ہے میرا"

وہ چہرے پہ نراضگی کے تاثرات لاتے ہوئے گاڑی کی کھڑکی سے باہر کا منظر دیکھنے لگ گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ زوبی اپنی ہنسی دبانے کی کوشش کر رہی تھی، کیونکہ وہ پری وش کی ایسی جھوٹی دھمکیوں کو اچھی طرح جانتی تھی۔

---

اشفاق صاحب میں کہہ رہی تھی کہ پری کے جنم دن پہ ہم اسے کہیں نہیں جانے دیں گے بلکہ گھر میں ہی اس کے لیے کوئر پارٹی رکھ لیں گے۔

اشفاق صاحب اس وقت لاؤنج میں بیٹھے کسی کتاب کی ورق گردانی کرنے میں مصروف تھے جب عزرہ بیگم ان کے پاس بیٹھتے ہوئے بولی۔

ہمم---!

"پری کے لیے پارٹی تو ہم پہلے بھی گھر میں رکھتے ہیں۔"

ہاں---! پہلے بھی رکھتے ہیں، لیکن پری باہر بھی اپنی دوستوں ساتھ اپنا برتھ ڈے مناتی ہے لیکن اس بار ہم اس کے سارے دوستوں کو گھر ہی بولالیں گے۔

"ہاں ٹھیک ہے بولا لینا۔"

اتنا کہہ کر اشفاق صاحب پھر سے اپنی کتاب کی طرف متوجہ ہو گئے۔

افف ہو-----!!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ میری بات سمجھے نہیں۔"

یہ اپنی کتاب اور میری سوتن کو ایک سائیڈ پہ رکھ کر میری بات تو غور سے سن لیں۔

"عزرہ بیگم نے زچ ہوتے ہوئے کہا۔"

"اچھا سنائے سن رہیں ہیں ہم آپ کی بات۔"

دیکھیں پری اس بار پورے اٹھارہ برس کی ہو جائے گی، اور اس کے اٹھارہ برس کے ہوتے ہی اس پہ کوئی خطرہ منڈلائے گا، ایسا ہی اس جوتش نے کہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو میں سوچ رہی تھی کہ اس بار ہم اسے گھر سے باہر جانے ہی نہ دیں وہ گھر میں ہی رہے گی ہمارے پاس ہماری آنکھوں کے سامنے۔

ہمم----!!

"ٹھیک ہے عزرہ بیگم لیکن پری ہماری بات سنے گی بھی۔

URDU NOVEL BANK

وہ ہم سے پوچھے گی نہیں کہ ہم اسے کیوں نہیں جانے دے رہے۔"

"اس بات کی فکر آپ نہیں کریں اشفاق صاحب۔

اس کا حل میں نکال لوں گی۔"

چلیں ٹھیک ہے پھر آپ دیکھ لیں کیا کرنا ہے۔

"کیسے کرنا ہے یہ سب۔"

سارہ پلان بنا کے مجھے لسٹ دے دینا، جو جو چاہیے ہو گا میں لا دوں گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ٹھیک ہے۔"

"چائے پیئں گے آپ؟"

عزرہ بیگم نے کچن کی طرف جاتے ہوئے پوچھا۔

"ہاں کیوں نہیں۔"

"چائے اور وہ بھی پھر آپ کے ہاتھ کی، کون منع کر سکتا۔"

ہاہاہاہاہاہا-----!

آپ بھی نہ----! باتیں بنانا تو کوئی آپ سے سیکھے۔

"بیگم میری انہی باتوں نے تو آپ کو میرا بنایا ہے۔"

اس بار عزہ بیگم نے صرف مسکرانے پہ ہی اکتفا کیا، اور دل ہی دل میں دعا کی کہ یہ خوشیاں ہمیشہ ایسے ہی قائم رہیں۔

-------------------------------------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آج دسمبر کی 21 تاریخ تھی۔"

آج کا دن تو جیسے برف میں لپٹ کے چڑھا تھا۔

"ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔"

دن کے 12 بج رہے تھے لیکن ابھی تک سورج کی ایک کرن بھی دکھائی نہیں دی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"اتنے ٹھنڈے موسم میں بھی اشفاق والہ میں گہما گہمی تھی۔"

کوئی گھر کے اندر جا رہا تھا تو کوئی آ رہا تھا۔

"ہر طرف شور وغل تھا۔"

کام کرنے والے لڑکے ایک دوسرے کو آوازیں دے رہے تھے۔

"ایسے لگ رہا تھا جیسے کسی کی شادی ہو۔"

لیکن وہاں کسی کی شادی کی تیاری نہیں بلکہ کسی کے اس دن جنم لینے کی خوشی میں تیاری ہو رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور جس کے لیے یہ سارا انتظام کیا جارہا تھا وہ مزے سے اپنی خواب گاہ میں نیند کے مزے لوٹ رہی تھی، کہ اس کی گھر میں ہوتے عجیب سے شور کی وجہ سے آنکھ کھولی۔

URDU NOVEL BANK

وہ سمجھنے سے قاصر تھی کہ یہ کیسی اور کس کی آوازیں آ رہی ہیں کہ ان سب میں اسے اپنے بابا کی آواز سنائی دی جو کسی پہ چلا رہے تھے۔

وہ نا سمجھی کے عالم میں فوراً نیچے لاؤنج میں آئی تو وہاں کا منظر دیکھ کر ٹھٹک گئی ہر طرف pink rose سے سجاوٹ ہو رہی تھی۔

"دیواروں پہ پھول لگائے جا رہے تھے لائٹنگ کی جا رہی تھی۔"

اس نے حیرانگی کے عالم میں اشفاق صاحب کو مخاطب کیا جو اس کی طرف پیٹھ کیے ڈیکوریشن بوائز کو اپنے قیمتی مشوروں سے نواز رہے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بابا!!!

"یہ سب کیا ہو رہا ہے؟"

"کس چیز کی تیاری کی جا رہی ہے؟"

اشفاق صاحب اپنی صاحب زادی کی آواز سنتے ہی اس کی طرف پلٹے۔

"ارے میری پیاری بیٹی----"

“Happy birthday my princess”

"یہ ساری تیاری میری بیٹی کے جنم دن کو منانے کے لیے کی جا رہی ہے۔"

“OMG"

“Baba!!! It’s just amazing"

“I’m so happy for that”

لیکن آپ نے مجھے بتایا کیوں نہیں ہے کہ آپ میرے لیے پارٹی آرگنائز کر رہے ہیں میں اپنے دوستوں کو انوائیٹ کر لیتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے میری شہزادی"

بھلا ایسا ہوسکتا کہ آپ کے بابا آپ کے اس سپیشل دن پر آپ کے دوستوں کو نہ بولائے۔

"میں نے آپ کے سارے دوستوں کو انوائیٹ کیا ہے۔"

"بلکہ وہ تو آتے ہی ہوں گے۔"

"چلیں آپ بھی جائیں جلدی سے ریڈی ہو جائیں۔"

Oh...!

Thank u baba!

You are such a best father in the world....!

Hahaha........!!!!

Best father for best daughter....!!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ماما کہاں ؟"

"وہ کچن میں ہے کھانے کی تیاری کر رہی ہیں۔"

ٹھیک ہے میں ان سے بھی مل لوں پھر جاتی ہوں ریڈی ہونے----!!!

--------------------------------------

URDU NOVEL BANK

"اس وقت اشفاق والہ میں خوب رونق تھی۔"

"سب خوش گپیوں میں مصروف تھے۔"

اشفاق احمد اور عزرہ بیگم مہمانوں کی خوب آؤ بگھت کر رہی تھیں۔

"لو بھئی۔۔!! انتظار ختم ہوا"

"آ گئی برتھ ڈے گرل۔۔۔"

زوبی کی آواز پہ سب پری وش کی طرف متوجہ ہوئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بلیک میکسی پہنے بالوں کا ڈھیلا سا جوڑا بنائے، لائٹ میک اپ کیے ہونٹوں پہ روز ریڈ شیڈ لگائے وہ دل کو چھو لینے کی حد تک پیاری لگ رہی تھی۔

"پیاری تو وہ بہت تھی اوپر سے اس کا سجنا چاند کو بھی مات دیتا تھا۔"

"سب نے اسے دیکھ کر ہوٹنگ کی۔"

URDU NOVEL BANK

“Happy birthday pari”

“Happy birthday pari vash”

“ birthday dear”

" محفل میں اور بھی ایسی ملی جلی آوازیں آنے لگی۔"

وہ سب سے بڑے پیار سے مل رہی تھی اور اپنے چہرے پہ ایک دلفریب مسکراہٹ سجائے سب کا شکریہ ادا کر رہی تھی۔

"اسی خوشگوار ماحول میں کیک کاٹا گیا۔"

"ایک بار پھر سے ہر طرف تالیوں کی گونج کے ساتھ ہیپی برتھ ڈے کا شور اٹھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب کھانا کھانے میں مصروف تھے کہ زوبی کی بات پہ عزہ بیگم اور اشفاق احمد کے چہرے پہ ایک سایہ سا آکر گزر گیا۔

"نہیں بیٹا پری باہر نہیں جائے گی۔"

لیکن کیوں انکل؟

URDU NOVEL BANK

آج تو اس کا دن ہے --!

ہم سب نے ڈیسائیڈ کیا تھا کہ ہم پری کی برتھ ڈے پہ کہیں جائے گے۔

انفیکٹ ہم نے تو ساری تیاری بھی کی ہوئی ہے۔

اس بار ہمارا کچھ الگ کرنے کا موڈ ہے۔

"عمر تم بتاؤ نہ انکل کو----!"

زوبی نے اپنے کلاس میٹ کا نام مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

جب کہ پری اس سارے معاملے میں خاموش تھی وہ تو یہ سوچ رہی تھی کہ اس کے بابا اسے باہر جانے سے منع کیوں کر رہیں ہیں وہ بھی آج کے دن----!

ہاں----! انکل اس شہر سے تھوڑی دور میرا فارم ہاؤس ہے ہم سب نے وہاں gathering کرنے کا سوچا ہوا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ساتھ ہی وہاں ایک جھیل بھی بہتی ہے ہم سب ادھر جائے گے خوب انجوائے کریں گے۔

"بیٹا بات تو آپ کی ٹھیک ہے لیکن آپ اپنا یہ سارا پلان کل کو کر لینا۔"

"آپ سب کل چلے جانا لیکن آج نہیں۔"

پر انکل۔۔۔۔۔!

عمر چپ کر جاؤ۔۔۔۔!

پری وش نے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اگر بابا آج کے لیے منع کر رہیں ہیں تو یقیناً کوئی وجہ ہو گی، ہم سب کل جائیں گے۔"

اشفاق صاحب نے عزہ کی طرف دیکھا جن کی آنکھوں میں ڈر صاف دکھ رہا تھا۔

"کچھ دیر وہاں پہ مکمل خاموشی چھائی رہی جسے اشفاق صاحب کی آواز نے توڑا۔"

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے تم سب چلے جاؤ لیکن رات ہونے سے پہلے ہی گھر واپس آ جاؤ گے۔

لیکن اشفاق صاحب آپ ------- !

عزہ بیگم میں اپنی بیٹی کو ااس نہیں دیکھ سکتا، انھوں نے عزہ بیگم کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

میری بیٹی اپنے دوستوں کے ساتھ انجوائے کرنا چاہتی ہے تو ٹھیک ہے میں نہیں منع کروں گا، لیکن میری ایک شرط ہے کہ رات ہونے سے پہلے تم لوگ گھر آ جاؤ گے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ تھینک یو انکل------ !

آپ بلکل بے فکر رہیں ہم جلد ہی آجائیں گے۔

ہمم ٹھیک ہے ------ !

پری بیٹا آپ اپنا خیال رکھنا۔

URDU NOVEL BANK

بابا آپ کیوں فکر کر رہے ہیں میں کون سا شہر سے باہر جا رہی ہوں، ہم جلدی آ جائیں گے واآپس۔

ٹھیک ہے بیٹا فی امان اللہ-------!!!

-------------------------

"تیز میوزک کی تھاپ پہ کچھ اس وقت ڈانس کرنے میں مصروف تھے۔"

"کچھ خوش گپیوں میں مصروف تھے تو کہیں فوٹو سیشن چل رہا تھا۔"

"اور کہیں کسی کی ٹانگ کھینچی جا رہی تھی۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ہر طرف قہقہوں کا شور تھا کہ اس شور میں پری کے موبائل پہ رنگ ہوئی۔

"جی جی بابا بس ہم نکلنے لگے ہیں"

بابا آپ پریشان کیوں ہو رہیں ہیں ہماری پارٹی ختم ہو گئی ہے میں اور زوبی نکلنے لگے ہیں ایک گھنٹے تک پہنچ جائیں گے۔

URDU NOVEL BANK

"ٹھیک ہے بیٹا دھیان سے آنا آپ موسم بھی خراب ہو رہا ہے۔"

جی بابا!!!

آپ بس ماما کو سنبھال لینا وہ جلدی ہی پریشان ہو جاتی ہیں ہم بس آ رہے ہیں۔

زوبی!!!

"چلو یار چلیں بہت ٹائم ہو گیا۔"

"بابا کی بھی کال آ چکی ہے۔"

اس نے زوبی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا جو اس وقت اپنا فوٹو سیشن کروانے میں مصروف تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی پری وش کے بولانے پر فوراً اس کے پاس آئی ۔

"یار سب ٹھیک ہے نہ اتنا گھبرائی ہوئی کیوں ہو؟"

URDU NOVEL BANK

ہاں یار سب ٹھیک ہے بس بابا کی کال آئی تھی وہ پریشان ہو رہے ہیں، موسم بھی خراب ہو رہا ہے ہمیں ابھی نکلنا ہو گا۔

"ہمم ٹھیک ہے عمر جو بتا دیں پھر چلتے ہیں۔"

"ٹھیک ہے تم اسے بتا کر آؤ میں گاڑی باہر نکالتی ہوں۔"

عمر!!!

ہاں----!!

یار میں اور پری جا رہے ہیں تم لوگ continue رکھو۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن کیوں یہ پارٹی تو پری کے لیے ہی ہے۔"

اور وہ ہی اسے چھوڑ کر جا رہی ہے ابھی تو صرف چھ بج رہے ہیں اصل پارٹی تو رات میں شروع ہو گی نہ-----!

نہیں ہم اب چلتے ہیں تم لوگ کرو انجوائے-----!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اچھا چلو ٹھیک ہے۔۔۔۔!

اوکے!!

صبح کالج میں ملاقات ہوتی ہے۔

---------------------------------

وہ باہر گاڑی سٹارٹ کیے کسی گہری سوچ میں گم تھی کہ اسے زوبی کے آ کہ بیٹھنے کا بھی پتہ نہیں چلا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چلو پری۔۔۔۔!

پری!!!

"اس بار جواب نہ ملنے پہ اس نے پری وش کو بازو سے پکڑ کر ہلایا۔"

ہاں۔۔۔۔!

آ گئی تم۔۔۔!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"جی میں تو آ گئی لیکن آپ کن سوچوں میں مگن ہے۔"

"یار مجھے ماما بابا کا آج کا رویہ سمجھ میں نہیں آ رہا۔"

آج جس طرح وہ behave کر رہے ہیں ایسے لگ رہا انہیں کسی بات کا ڈر ہے۔

ہاں یار------!

مجھے بھی ایسے ہی لگا انکل تو بہت نفیس انسان ہیں وہ کبھی کسی چیز سے خوفزدہ نہیں ہوئے، لیکن آج میں ان کے چہرے پہ بھی پریشانی دیکھی ہے۔

"اچھا چلو تم گاڑی چلاؤ دیر ہو گئی تو وہ زیادہ پریشان ہوں گے۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ہمم-----!

گاڑی ابھی تھوڑی دور ہی گئی تھی کہ اچانک سے موسم کے تیور بگڑے۔

"بہت تیز ہوا چل رہی تھی ایسے لگ رہا تھا جیسے کوئی طوفان آ گیا ہو۔"

URDU NOVEL BANK

پری کو اتنی دھول میں گاڑی چلانا مشکل ہو رہا تھا اسے کچھ واضح دکھائی نہیں دے رہا تھا اس سے گاڑی کا توازن بگڑ رہا تھا جب اس سے گاڑی نہیں سنبھلی تو اس نے اچانک بریک پہ پاؤں رکھا تو گاڑی ایک پیڑ سے ٹکرائی ۔

"اُفف خدایا یہ کیا ہو رہا ہے۔"

"زوبی نے چلاتے ہوئے کہا۔"

"جبکہ پری اپنے سر کو سہلا رہی تھی۔"

زوبی نے اس کی طرف دیکھا، اوہ پری تمہیں تو چوٹ لگی ہے تمہارے ماتھے سے خون نکل رہا ہے۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یار یہ اچانک سے موسم کو کیا ہو گیا اب ہم گھر کیسے جائیں گے؟"

پری نے زوبی کی بات کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے اپنا سوال داغا۔

اب تم کہاں جا رہی ہو؟

"زوبی نے پری کو گاڑی سے اترتے دیکھ پوچھا۔"

یار سگنل نہیں آ رہے بابا کو کال کرنی ہے۔

پری موبائل کو ہوا میں کیے سگنل تلاش کر رہی تھی کہ موسلا دھار بارش شروع ہو گئی۔

اوہ شٹ۔۔۔۔۔۔!

زوبی اب کیا کریں؟

ہمیں تو یہ بھی نہیں پتہ کہ ہم ہیں کس جگہ پہ اس وقت، دور دور تک کوئی گھر نظر نہیں آ رہا کہ کسی کی مدد ہی لے لیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی اس وقت ارد گرد کا جائزہ لے رہی تھی کہ اس کی نظر دور ایک گھر پہ پڑی۔

"پری وہ دیکھو ادھر گھر ہے۔"

وہاں چل کے دیکھتے ہیں ہو سکتا کوئی مدد مل جائے۔

URDU NOVEL BANK

ہاں چلو۔۔۔۔۔!!!

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اشفاق صاحب باہر بہت تیز بادش ہو رہی ہے آپ پری کو کال کر کے پوچھیں کہاں رہ گئی وہ؟

کرتا ہوں۔۔۔۔!

وہ زوبی کے ساتھ اس گھر کی طرف چل رہی تھی اس بات سے یکسر انجان کہ اس کی زندگی ایک نیا ہی موڑ لینے والی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اس جوتش کی بات سچ ہونے والی ہے۔"

جس سے اس کے ماما بابا ڈر رہے تھے۔

URDU NOVEL BANK

لیکن اسے اس وقت بس ایک ہی پریشانی تھی کہ اس کے ماما بابا پریشان ہو رہے ہوں گے وہ اپنی ہی سوچ میں مگن چل رہی تھی کہ اس کے فون پہ اشفاق احمد کی کال آئی۔

وہ جیسے ہی یس کا بٹن پریس کرنے لگی فون اسی وقت بند ہو گیا۔

"اوہ شٹ۔۔۔۔۔! بیٹری بھی ابھی جانی تھی۔"

"اللہ جی اب یہاں سے کوئی مدد مل جائے نہیں تو فون ہی ہو میں بابا کو بتا تو سکوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا اشفاق صاحب ؟

پتہ نہیں پہلے کال جا رہی تھی لیکن اب نمبر بند جا رہا ہے۔

"تو آپ زوبی کو کریں نہ کال وہ بھی تو ساتھ ہے۔"

"ہاں اسے بھی کی لیکن اس کا نمبر بھی بند مل رہا ہے۔"

URDU NOVEL BANK

دیکھا میں کہہ رہی تھی نہ کہ اسے نہ بھیجیں آج کے دن باہر لیکن نہیں آپ تو بیٹی کے پیار میں پاگل ہیں بیجھ دیا اسے۔

وہ آئی نہیں ابھی تک اور بات بھی نہیں ہو رہی اس سے۔

"کہیں وہ کسی مصیبت میں تو نہیں ہے۔"

اچھا بولیں عزہ بیگم کچھ نہیں ہوا ہو گا اسے، آپ زرا چپ کریں میں عمر کو کال کر کے پوچھتا ہوں۔

جی انکل۔۔۔۔۔!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی وہ دونوں تو ایک گھنٹہ پہلے ہی نکل گئی تھی۔

انکل آپ پریشان نہ ہوں ہو سکتا ہے موبائل کی بیٹری ختم ہو گئی ہو۔

راستے میں ہو گی آپ تھوڑی دیر اور ویٹ کر لیں آ جائیں گی۔

کیا کہا عمر نے؟

"عزرہ بیگم نے اشفاق صاحب کے کال ڈسکنیکٹ کرتے ہی بے تابی سے پوچھا۔"

وہ کہہ رہا ہے کہ پری اورزوبی تو ایک گھنٹہ پہلے ہی نکل گئی تھی۔

تو پھر ابھی تک آئی کیوں نہیں؟

"اشفاق صاحب میں بتا رہی ہوں کہیں تو کچھ غلط ہے۔"

اگر ہماری بیٹی واقعی کسی مصیبت میں ہوئی تو-----؟

عزرہ بیگم آپ پہلے پر سکون ہو جائیں۔ ہم کچھ دیر اور دیکھتے ہیں اگر نہ آئیں تو میں خود جاؤں گا انہیں دیکھنے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آپ نے جو بھی کرنا ہے کریں مجھے میری بیٹی چاہیے بس۔"

-------------------------------

URDU NOVEL BANK




**Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com**

کوئی ہے کیا؟

یہاں پہ کوئی ہے؟

وہ مسلسل پچھلے پانچ منٹ سے گھر کا دروازہ بجا رہی تھی لیکن کوئی جواب نہیں مل رہا تھا۔

"پری یار مجھے تو لگتا ہے کہ کوئی بھی نہیں ہے یہاں پہ ہمارے اتنا بولانے پہ بھی کوئی آواز نہیں آئی۔"

یار کوئی تو رستہ ہو گا گھر کے اندر جانے کا بہت سردی ہے اگر ہم ایسے ہی باہر رہے تو صبح تک ہم میں ہمت نہیں ہو گی کہ ہم اپنا جسم بھی ہلاسکے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہاں میں دیکھتی ہوں۔"

لیکن اس سے پہلے اس نے ایک بار دروازے کے ہینڈل پہ ہاتھ رکھ کر اسے گھمایا تو وہ کھولتا ہی چلا گیا۔

URDU NOVEL BANK

"اوہ تھینک گاڈ دروازہ تو کھولا۔"

چلو پری-----!

"دیکھتے ہیں کوئی ہے کہ نہیں۔"

وہ جیسے ہی اندر داخل ہوئی دروازہ اپنے آپ بند ہو گیا۔

اوہ---! ہوا سے بند ہوا ہو گا اتنی تیز تو چل رہی ہے پری نے زوبی کو ریلیکس کیا جو اس طرح دروازہ بند ہونے پہ سہم گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہممم----!!

کوئی ہے کیا؟

وہ اندھیرے میں اندازے سے آگے بڑھ رہی تھی اور ساتھ ہی ساتھ پوچھ بھی رہی تھیں لیکن جواب نا درد۔

"پری مجھے لگتا ہے کہ کوئی بھی نہیں رہتا یہاں۔"

URDU NOVEL BANK

ہم سردی سے تو کچھ نجات پا لیں گے لیکن اتنا اندھیرا ہے لائٹ بھی نہیں ہے روشنی کہاں سے لائیں؟

وہ آپس میں اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے بات کر رہی تھی کہ اچانک چیزیں گرنے کی آواز آنے لگی، ایسے جیسے کوئی اٹھا سٹھا کہ چیزیں پھینک رہا ہو۔

"وہ دونوں بہت بری طرح گھبرا گئی۔"

آیت الکرسی کا ورد کرنے لگی کہ اچانک روشنی ہوئی ہر طرف لائٹ جلنے لگی، اب انہیں ہر چیز دکھ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس وقت وہ ایک کمرے کے بیچوں بیچ کھڑی تھیں ان کے ارد گرد چیزیں بکھری پڑی تھیں جن کے گرنے کا شور انہوں نے کچھ دیر پہلے سنا تھا۔

پری یہ ہم کہاں آ گئے مجھے تو کچھ اور ہی لگ رہا چلو یہاں سے چلتے ہیں یہاں رہنا خطرے سے خالی نہیں۔

ہاں ٹھیک کہہ رہی تم چلو۔۔۔۔۔!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"جیسے ہی وہ جانے کے لیے باہر کی جانب بڑھی دروازہ اپنے آپ ہی بند ہو گیا۔"

دونوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا دونوں کی آنکھوں میں خوف دکھ رہا تھا۔

کیا یہاں پہ کوئی ہے؟

دیکھیں ہم یہاں پہ کسی کو تنگ کرنے کے لیے نہیں آئے ہمیں بس اس طوفانی رات سے بچنے کے لیے پناہ چاہیے۔

پری یہ تم کیا کہہ رہی ہو، کس سے بات کر رہی ہو؟

زوبی تم چپ رہو ابھی، یہاں کوئی تو ہے جو ہمیں نہیں دکھ رہا لیکن یقیناً وہ ہمیں دیکھ رہا ہے اور تبھی یہ سب ہو رہا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

تو تمہیں کیا لگتا ہے، تمہارے ایسے بات کرنے سے وہ ہمارے سامنے آ جائیں گے۔

"نہیں یار لیکن اب اور ہم کریں بھی کیا؟"

URDU NOVEL BANK

بات کرنے کے علاوہ اور تو کوئی رستہ نہیں شاید وہ جو کوئی بھی ہے ہماری سن لے یا شاید کوئی ہمیں ڈرانے کی کوشش کر رہا ہو۔

------------------------------

اشفاق صاحب اب تو 10 بج رہے ہیں۔

آپ جا کہ دیکھیں باہر----

میرا دل بیٹھا جا رہا ہے۔

کہاں ہو گی ہماری بچی----! آپ زوبی کے گھر کال کریں شاید انہیں کچھ پتہ ہو۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

نہیں عزرہ بیگم ابھی ان سے کوئی بات نہیں کرنی کیوں کہ زوبی تو آج رات یہاں رکنے والی تھی نہ۔

وہ ایسے ہی پریشان ہوں گے میں جا کے دیکھتا ہوں میں خود جاتا ہوں وہاں۔

اگر اللہ نہ کرے ان کا پتہ نہ چلا تو پھر زوبی کے گھر والوں کو بھی بتا دیں گے۔

URDU NOVEL BANK

جلدی جائیں نہ پھر پتہ کریں۔

ہمم۔۔۔۔۔!آپ بس دعا کریں، میں جاتا ہوں۔

"اے اللہ دونوں بچیوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھنا۔"

عزرہ بیگم وضو کرنے چلی گئی تاکہ اپنے اللہ کے سامنے گر گرا کے ان دونوں کی سلامتی کی دعا مانگ سکیں۔

---

وہ دونوں اس وقت اسی کمرے میں رکھے ایک صوفے پہ بیٹھی سوچ رہیں تھی کہ کیسے باہر نکلا جائے۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"وہ تو یہاں مدد مانگنے آئی تھیں لیکن ادھر ہی پھنس گئی۔"

ابھی وہ یہ سب سوچ ہی رہی تھیں کہ ایک بار پھر سے چیزیں اتھل پتھل ہونے لگی لائٹ آ جا رہی تھی۔

URDU NOVEL BANK

"دونوں ایک دوسرے کو پکڑ کر کھڑی ہو گئی۔"

پلیز آپ جو کوئی بھی ہیں ہم سے بات کریں پری نے گھبرائی ہوئی آواز سے کہا۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کے اس گھر سے چلیں جائیں تو آپ ہمیں اجازت دیں ہم ابھی چلیں جاتی ہیں۔

"ہم یہاں صرف مدد مانگنے آئی تھیں۔"

"باہر موسم بہت خراب ہے ہماری گاڑی بھی بند ہو گئی ہے اور اس خراب موسم میں ہمیں رستے کا بھی نہیں پتہ چل رہا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی تک مسلسل چیزوں کے گرنے کی آواز آ رہی تھی کچھ تو انکی طرف آ کر گر رہی تھیں جن سے وہ خود کو بچا رہی تھیں۔

دیکھیں آپ پلیز ہمیں تب تک یہاں رہنے دے جب تک بارش نہیں رکتی جیسے ہی بارش رکے گی ہم فوراً چلے جائیں گے اگر آپ کو لگتا ہم نے آپ کو یہاں آ کر تنگ کیا تو ہم آپ سے معافی مانگتے ہیں۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پری وش مسلسل بول رہی تھی اور زوبی حیرانگی سے یہ سب ہوتا دیکھ رہی تھی۔

کہ اچانک خاموشی چھائی ایک چیئیر پری وش کے سامنے آ کر رکی۔

"وہ اب ہل رہی تھی۔ جیسے کوئی اس پر بیٹھ کر اسے رول کر رہا ہو۔"

دونوں نا سمجھی اور ڈر کے عالم میں اس چیئیر کو دیکھ رہی تھیں کہ انہیں کسی کی آواز سنائی دی۔

تم دونوں نے یہاں آ کر بہت بڑی غلطی کی ہے یہ میرا گھر ہے اور میں یہاں کسی انسان کا وجود برداشت نہیں کر سکتا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہم آپ سے معافی مانگتے ہیں ہم کچھ نہیں کریں گے آپ پلیز ہماری مدد کر دیں۔

ہم لوگ کسی کی مدد نہیں کرتے خاص طور پر انسانوں کی تو بلکل نہیں لیکن تم کب سے ہم سے پناہ مانگ رہی ہو تو ٹھیک ہے کچھ دیر کے لیے تم لوگ یہاں رک سکتی ہو۔

URDU NOVEL BANK

اوہ تھینک یو۔۔۔۔۔!

آپ جو کوئی بھی ہیں آپ کا بہت شکریہ ہم بارش رکتے ہی یہاں سے چلیں جائیں گے۔

---------------------------

اشفاق صاحب تھک ہار کے مایوس ہوتے ہوئے گھر واپس لوٹے۔

عزرہ بیگم جو انہیں کا انتظار کر رہی تھیں ایک سیکنڈ کی دیر کیے بنا ان کے پاس آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اشفاق صاحب ڈھ جانے کے عالم میں بیٹھے۔

"عزرہ بیگم سمجھ گئی تھیں کہ کچھ بھی پتہ نہیں چلا انھوں نے زروقطار رونا شروع کر دیا۔"

اشفاق صاحب کیا ہم نے اپنی بیٹی کو کھو دیا ہے؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بولیں کچھ تو جواب دیں مجھے، وہ انہیں جھنجھوڑ رہی تھی لیکن اشفاق احمد بلکل خاموش تھے یہی سوچ انہیں کھا رہی تھی کہ کہیں انھوں نے اپنی بیٹی کو کھو تو نہیں دیا۔

"اس وقت رات کے 12 بجے اشفاق والہ میں ایک سوگ کی سی کیفیت تھی۔"

---

صبح کی روشنی پھوٹ رہی تھی۔

آج بہت دنوں کے بعد سورج کی کرنیں دکھ رہی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

رات کی موسلا دھار بارش کے بعد اب مطلع بلکل صاف تھا۔

کھڑکی سے کراس ہوتی سورج کی روشنی سیدھی پری وش کے چہرے پر پڑ رہی تھی جس کی وجہ سے وہ اٹھ بیٹھی۔

رات کا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے ایک فلم کی طرح چلنے لگا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس نے نظریں گھما کر دیکھا تو اسے خود سے تھوڑی دور صوفے پہ زو بی سوتی ہوئی ملی۔

پری وش جلدی سے اس کے پاس گئی اسے جھنجھوڑ کے اٹھایا۔

زوبی!!!!

زوبی!!!

ہمممم----!!!! ہاں----!!!

زوبی اٹھو جلدی کرو--!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دیکھو مجھے لگتا ابھی یہاں کوئی نہیں ہے چلو چلتے ہے یہاں سے۔

پری وش کی بات پہ زوبی فوراً اٹھی اس کے دماغ کے پردے پہ بھی رات کا منظر چلنے لگا اس نے پری وش کی طرف دیکھا۔

ہاں ----! میں بھی وہی سوچ رہی جو تم سوچ رہی۔

URDU NOVEL BANK

پری وش نے زوبی کی آنکھوں میں آتے سوال کے جواب میں کہا۔

لیکن ابھی ہمیں یہاں سے نکلنا ہے اس کے بارے میں ہم بعد میں بات کریں گے۔

ابھی اٹھو جلدی کرو وہ دونوں جلدی سے باہر کی جانب بڑھی، دروازے پہ پہنچ کہ انھوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔

پری وش نے ڈرتے ڈرتے دروازے کو ہاتھ سے دھکیلا تو وہ کھولتا چلا گیا۔

دونوں نے گہری سانس لی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اور باہر کی طرف قدم بڑھا دیئے۔

وہ اپنی گاڑی کے پاس پہنچی تو گاڑی انھیں بلکل ٹھیک حالت میں ملی۔

رات کو کسی پیڑ سے ٹکرانے سے جو اس پہ خراش آئی تھی وہ کہیں بھی نہیں دکھ رہی تھی بلکہ گاڑی تو اس جگہ سے ہٹ کے اب روڈ پہ تھی۔

پری یہ کیا۔۔۔؟

گاڑی یہاں کون لایا اور اس پہ کوئی خراش کیسے نہیں ہے۔

مجھے خود کچھ سمجھ نہیں آ رہا یار۔

جو بھی ہے اس کے بارے میں ہم بعد میں سوچیں گے ابھی بس گھر پہنچ جائے۔

ہاں۔۔۔!

بیٹھو۔۔۔۔۔!!

پری وش نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے جیسے ہی سٹیرئینگ پہ ہاتھ رکھا اسے ڈیش بورڈ پہ ایک کاغذ پڑا ہوا ملا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے لرزتے ہاتھوں سے کاغذ اٹھا کر کھولا تو اس پہ ایک تحریر لکھی ہوئی تھی۔

اسلام علیکم!!

پہلے تو آپ کیسی ہیں آپ کے سر کی چوٹ اب کیسی ہے۔

URDU NOVEL BANK

یہ پڑھتے ہی اس نے مرر میں خود کو دیکھا تو اس کے ماتھے پہ بینڈیج ہوئی تھی۔

یقیناً آپ حیران ہو رہی ہو گی کہ یہ بینڈیج کس نے کی۔

تو رات میں جب آپ سو گئی تھی تب میں نے کی۔

میں نے آپ کو رات میں بہت ستایا ڈرایا تنگ کیا اس کے لیے معافی چاہتا ہوں۔

میں بہت دنوں بعد اپنے گھر آیا تھا اور اپنے گھر میں آپ کو دیکھ کر غصے میں پاگل ہو گیا تھا۔

اس لیے میں نے آپ کو تنگ کیا، لیکن آپ جس طرح آرام اور تحمل سے مجھ سے مدد مانگ رہی تھی تو مجھے اپنے غصے کو قابو میں کرنا پڑا۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب آپ سوچ رہی ہو گی کہ میں کون ہوں؟

تو آپ اس کو جاننے کی کوشش کبھی نہ کرنا کیوں کہ یہ ایک پر اسرار بات ہے جس کے پیچھے جتنا جائیں گی خود کو اتنا ہی پر اسرار بنا لیں گی۔

URDU NOVEL BANK

اور آپ کی گاڑی بھی میں ہی ٹھیک کی ہے تا کہ آپ آرام سے اپنے گھر چلی جائیں۔

ایک بار پھر آپ سے معافی کا طلب گار۔۔۔۔!!!

پری وش نے کاغذ پہ لکھی پوری تحریر پڑھنے کے بعد فوراً سے گاڑی سٹارٹ کر دی اب وہ جلد از جلد اپنے گھر جانا چاہتی تھی۔

زوبی بھی بلکل خاموش ہو گئی وہ بھی رات سے ہوتے اس سارے تماشے سے بہت تھک گئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اصل میں وہ دونوں ہی سکون چاہ رہی تھی یا پھر دونوں کے پاس سوال تو بہت تھے لیکن جواب ایک بھی نہیں۔

---

"آپ نے ہمیں رات میں ہی کیوں نہیں بتایا۔"

URDU NOVEL BANK

پوری رات گزر گئی ہے اور آپ اب ہمیں بتا رہیں ہیں کہ ہماری بیٹی لاپتہ ہے۔

اشفاق والہ میں اس وقت زوبی کے والد(امجد علی) اشفاق احمد پہ چلا رہے تھے۔

"اور وہ بلکل خاموش کھڑے تھے جیسے اس سارے معاملے میں وہ ہی قصوروار ہوں۔"

"اشفاق صاحب میں آپ سے بات کر رہا ہوں بتائے اب میں اپنی بیٹی کو کہاں ڈھونڈو۔"

آپ چھوڑے ان سے پوچھنا،پتہ نہیں ہماری بیٹی کہاں ہو گی آپ پولیس کو انفارم کریں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شائستہ بیگم ( زوبی کی ماں) نے امجد علی کو کہا۔"

"کسی کو انفارم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔"

زوبی کی آواز پہ سب نے دروازے پہ کھڑی پری وش اور زوبی کو دیکھا۔

URDU NOVEL BANK

وہ دونوں اس وقت بہت تھکی ہوئی لگ رہیں تھیں۔

عزرہ بیگم جلدی سے پری وش کی طرف آئیں۔

پری تم ٹھیک تو ہو نہ بیٹا۔۔!

کہاں تھی تم رات بھر سے تمہیں پتہ بھی ہے ہم کتنا پریشان تھے۔

عزرہ بیگم بے تابی سے پری وش سے پوچھ رہی تھیں اور ساتھ ہی ساتھ اس کے چہرے پہ ہاتھ بھی لگا رہی تھیں جیسے یقین کر رہی ہوں کہ وہ سچ میں ہی انکے سامنے کھڑی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عزرہ انہیں اندر تو آنے دیں، پھر سب پوچھ لینا۔

ہاں ہاں بیٹا اندر آؤ۔

زوبی بیٹا آپ بتاؤ کہاں تھے آپ لوگ رات بھر۔

سب کے بیٹھنے پہ امجد علی نے اپنی بیٹی سے پوچھا۔

URDU NOVEL BANK

بابا دراصل ہم گھر ہی آ رہے تھے کہ اچانک سے موسم خراب ہو گیا ہم سے گاڑی چلانا مشکل ہو گیا تو ہم راستے میں ہی رک گئے۔

پھر ہمیں پاس میں ہی ایک گھر دکھا تو ہم مدد کے لیے اس گھر گئے لیکن۔۔۔۔۔!

لیکن کیا بیٹا۔۔۔۔؟

زوبی کہ خاموش ہونے پہ اشفاق صاحب نے پوچھا۔

لیکن بابا وہاں کوئی تھا نہیں ہم نے دستک دی لیکن کوئی نہیں تھا گھر کھولا تھا تو ہم بارش سے بچنے کے لیے گھر چلے گے پھر تھکے ہوئے تھے نیند آ گئی تو ادھر ہی سو گئے اور صبح ہوتے ہی ہم واپس آ گئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری وش نے جلدی سے بات گول مول کر کے صرف اتنا ہی بتایا مبادا کہ زوبی سب کچھ ہی بتا دے۔

وہ تو ٹھیک ہے لیکن آپ کو کال کر کے بتانا چاہیے تھا نہ۔۔۔۔۔!

URDU NOVEL BANK

جی بابا میں آپ کو کال کرنے ہی والی تھی کہ موبائل کی بیٹری چلی گئی اس لیے آپ کو انفارم نہیں کر سکی۔

اچھا ٹھیک ہے اب ان سے سوال ہی کرتے رہیں گے یا انہیں کھانے کا بھی پوچھیں گے۔

عزرہ بیگم نے ان کی ہوتی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

چلو بھئی۔۔۔۔۔!

ہم چلتے ہیں۔ چلو زوبی بیٹا۔۔۔۔!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

امجد علی نے زوبی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

ارے امجد صاحب اب ناشتہ کر کے ہی جائیے گا بچیاں بھی کافی تھکی ہوئی ہیں یہ بھی تھوڑا ریسٹ کر لیں پھر چلے جائیے گا آپ لوگ۔

ہاں بھائی صاحب۔۔۔۔۔!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آپ بیٹھیں میں سب کے لیے ناشتہ بناتی ہوں اور زوبی پری بیٹا آپ لوگ جاؤ فریش ہو جاؤ۔

عزرہ بیگم نے باری باری سب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

-----------------------------

"اشفاق صاحب آپ کو نہیں لگتا کہ بات کوئی اور تھی لیکن ہمیں بچیوں نے کچھ اور ہی بتایا۔"

امجد بھائی لگ تو مجھے بھی رہا ہے لیکن اب وہ نہیں بتانا چاہ رہی تو ہم فورس نہیں کر سکتے۔

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"شکر ہے اللہ کا کہ ہماری بچیاں صحیح سلامت ہمارے پاس آ گئی ہیں۔

اور میری مانے تو ابھی آپ بھی زوبی سے کچھ نہیں پوچھیے گا۔"

ہممم----!!!

URDU NOVEL BANK

"کہہ تو آپ ٹھیک رہے ہیں۔"

"چلیں انہیں وقت دیتے ہیں خود ہی بتا دیں گی۔"

پری تم نے نیچے سب کو سچ کیوں نہیں بتایا؟

"زوبی نے کمرے میں آتے ہی پری وش سے پوچھا۔"

کیسا سچ؟

کیا مطلب کیسا سچ؟

"تم بھول گئی کہ ہمارے ساتھ اس گھر میں کیا کیا ہوا؟"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"زوبی میں کچھ نہیں بھولی۔"

تو پھر تم نے بتایا کیوں نہیں؟

کیا بتاتی؟

"کہ وہاں پہ کوئی تھا لیکن ہمیں نظر نہیں آیا۔"

URDU NOVEL BANK

کوئی تھا جس نے ہم سے بات کی پہلے ہمیں ڈرایا ہمیں مارنے کی کوشش کی اور بعد میں اسی نے ہماری مدد کی لیکن ہمیں وہ نظر نہیں آیا۔

"زوبی ہمیں خود اس کے بارے میں کچھ نہیں پتہ تو ہم اپنے پیرنٹس کو کیا بتائے۔"

وہ پہلے ہی ہماری وجہ سے رات بھر پریشان رہے ہیں اب میں انہیں اور پریشانی نہیں دے سکتی۔

"تم نے دیکھا نہیں ہمارے پیرنٹس ہمیں دیکھ کر کتنا خوش ہوئے ہیں کتنا اطمینان آگیا ہے ان کے چہروں پہ۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تو ہم یہ فضول سی بات بتا کر کیوں انہیں پریشان کریں؟

یہ فضول بات لگتی ہے تمہیں؟

ہاں زوبی مجھے یہ بات فضول ہی لگتی ہے، ہمیں کچھ ہوا تو نہیں نہ---!!

"اہم بات یہ ہے کہ ہم بنا کسی نقصان سے اپنے گھر آ چکی ہیں۔"

URDU NOVEL BANK

اور ابھی مجھے گھر کے سکون کو محسوس کرنے کے علاؤہ نہ کچھ سوچنا ہے اور نہ ہی کوئی بات کرنی ہے۔

"تمہیں بھی میں یہی مشورہ دوں گی۔"

---

"آج دسمبر کی 23 تاریخ کی ٹھٹھرتی صبح ہوئی تھی۔"

یہ صبح پری وش کے لیے بلکل الگ تھی۔

"معمول سے ہٹ کے آج پری وش بنا کسی کے جگائے خود ہی اٹھ گئی تھی۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"اسے کسی خوشبو نے جگایا تھا۔"

اس نے اپنی نیند سے بھری آنکھیں مسلتے ہوئے ارد گرد دیکھا تو اسے اپنے بیڈ پر وائٹ روز پڑے ملے۔

"جن کی بہت تیز خوشبو آرہی تھی۔"

وہ حیران تھی کہ یہ پھول کہاں سے آئے ہیں اور عام طور پہ گلاب کی خوشبو سے کچھ زیادہ تیز خوشبو تھی ان میں۔

"ماما سے پوچھتی ہوں۔"

کہیں انہوں نے تو نہیں رکھے وہ بھی تو میری نظر اتارنے کے نئے نئے طریقے ایجاد کرتی ہیں پتہ ہے انہیں کہ مجھے پھول پسند ہیں انہیں پہ کوئی آیت پڑ کے رکھ دیئے ہو گے میرے پاس۔

"وہ جیسے ہی اپنے بستر سے نیچے اتری تو اس کی نظر سامنے ڈریسنگ ٹیبل پر پڑی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہاں بھی وائٹ روز رکھے ہوئے تھے اورسب سے حیران کن بات کہ مرر پہ صبح بخیر مائی سنو وائٹ لکھا ہوا تھا۔

"وہ سمجھنے سے قاصر تھی کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے؟

اتنا تو وہ سمجھ گئی تھی کہ یہ پھول ماما نے نہیں رکھے۔"

URDU NOVEL BANK

تو پھر یہ کس کی حرکت ہے؟

پری!!

پری بیٹا!!!

ابھی وہ یہ سب سوچ ہی رہی تھی کہ اسے عزہ بیگم کی آواز سنائی دی وہ دروازہ نوک کر رہی تھی۔

اسنے جلدی سے ٹشو باکس سے ٹشو نکال کے مرر صاف کیا پھول اٹھا کے اپنے تکیے نیچے رکھے اور خود کو کمپوز کرتے ہوئے دروازہ کھولا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی ماما۔۔۔۔!

کیا ہوا؟

"اس نے نیند سے بھری آواز نکالتے ہوئے ایک ہاتھ سے آنکھ مسلتے ہوئے اور دوسرے ہاتھ سے دروازے کا ہینڈل گھما کے کھولتے ہوئے پوچھا۔"

URDU NOVEL BANK

"بیٹا آپ کو جگانے آئی ہوں۔"

اوہ اچھا۔۔۔۔۔!

"جی ماما میں جاگ گئی ہوں۔"

"آپ جائے میں بس دو منٹ میں فریش ہو کے آتی ہوں۔"

عزرہ بیگم اپنی بیٹی کے اس رویے سے کافی حیران ہوئی لیکن بنا کچھ کہہ وہ واپس پلٹ گئی۔

افف خدایا۔۔۔۔!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں کیا کروں اب؟

"پری وش نے جلدی سے دروازہ بند کرتے ہوئے خود سے سوال کیا۔"

یہ سب کون کر سکتا ہے؟

اور ابھی جو مرر پہ لکھا تھا، وہ۔۔۔؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اس سب کا کیا مطلب ہے؟

افف۔۔۔۔!!

میں کس سے بات کروں؟

"اچانک ایک خیال آتے ہی اس نے اپنا موبائل اٹھایا اور نمبر ڈائل کرنے لگی۔"

ہیلو!

ہاں زوبی۔۔۔۔!

" خیر ہے پری سب ٹھیک تو ہے نہ تم نے اتنی صبح کال کی۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

زوبی نے کال پک کرتے ہی اس سے پوچھا۔

"کچھ ٹھیک نہیں ہی زوبی تم مجھ سے ابھی ملو۔"

ہوا کیا ہے؟

"تم مجھ سے ملو میں تمہیں بتاتی ہوں۔"

URDU NOVEL BANK

"اچھا ٹھیک ہے میں آ رہی ہوں تمہارے گھر۔"

نہیں۔۔۔۔۔!

"تم گھر نہیں آنا۔"

کیوں؟

یار میں تمہارے ہر سوال کا جواب تمہیں مل کے دوں گی ابھی تم جو میرے گھر کے پاس پارک ہے وہاں آؤ۔

"اوکے ٹھیک ہے آ رہی ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے۔۔۔!!

پری کال ڈسکنیکٹ کرتے ہی فریش ہونے چلی گئی۔

-----------------------------------

"گڈ مارننگ بابا..."

URDU NOVEL BANK

پری نے اپنے مخصوص انداز میں ہی اشفاق احمد کو کندھوں سے پکڑ کر ساتھ لگاتے ہوئے کہا۔

"اسلام علیکم بیٹا۔۔۔!"

اوہ سوری!!

اسلام علیکم بابا!!

واعلیکم السلام!!

ہیں یہ آج سورج کہاں سے طلوع ہوا؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"عزرہ بیگم نے حیران ہوتے پوچھا۔"

کیا مطلب ماما؟

"پری وش نے سوال کے جواب میں سوال کیا۔"

جبکہ اشفاق احمد اپنی ہنسی روکنے کی کوشش کر رہے تھے۔

URDU NOVEL BANK

"بیٹا جی مطلب یہی ہے کہ آج آپ نے بنا کوئی احتجاج کیے بات مان لی۔"

اوہ ماما۔۔۔۔!

"میں پہلے بھی تو آپ کی ساری باتیں مانتی ہوں خاص طور پہ بابا کی۔"

"جی جی بیٹا بلکل ساری باتیں مانتی ہو۔"

"ماما اب آپ مجھ پہ طنز کر رہی ہیں۔"

بابا دیکھیں میں بات مانو تب بھی ماما کو مسئلہ نہ مانو تب بھی مسئلہ۔۔۔!

"0پری وش نے معصوم سی شکل بناتے ہوئے اشفاق احمد سے شکایت کی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔!

"بیٹا یہ آپ ماں بیٹی کا مسئلہ ہے آپ خود ہی نمبٹ لیں۔"

لیکن مجھے آپ یہ بتائے۔۔۔۔!

آپ کہیں جا رہی ہیں؟

URDU NOVEL BANK

" اشفاق احمد نے اس کی تیاری کو دیکھ کر پوچھا۔"

جو اس وقت جینز ٹاپ کے اوپر اورکوٹ پہنے ہاتھوں میں گلوز اور سر پہ کیپ پہنے ہوئے تھی۔

جی بابا۔۔۔۔!

"میں پارک جانا چاہ رہی ہوں۔"

لیکن اتنی سردی میں پارک جانے کی کیا ضرورت ہے؟

"اشفاق صاحب کی بجائے عزرہ بیگم نے پوچھا۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ماما کافی دن ہو گئے ہیں میں کوئی پینٹنگ نہیں بنائی، آج میرا دل کر رہا ہے۔

اس لیے میں پارک جانا چاہتی ہوں وہاں کھلی فضا میں اڑتے پرندوں کو اپنے سکائش بورڈ میں قید کروں گی۔

ہممم۔۔۔۔!!

URDU NOVEL BANK

"اچھی بات ہے بیٹا اپنی ایکٹیویٹیز کو کبھی بھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔

آپ ضرور جائیں لیکن جلدی آ جانا آج تو سردی بھی اپنے عروج پہ ہے۔"

جی بابا!!

ٹھیک ہے میں چلتی ہوں۔

"ارے بیٹا ناشتہ تو ٹھیک سے کر لو پہلے۔"

نہیں بابا۔۔۔!

"ابھی دل نہیں ہے واپس آ کر کرتی ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوکے الحافظ!!

الحافظ بیٹا۔۔۔!

---

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اشفاق صاحب آپ کو نہیں لگتا کہ پری کچھ بدل سی گئی ہے یا پھر وہ ہم سے کچھ چھپا رہی ہے۔

"اس رات کے بعد وہ بہت پر اسرار سی ہو گئی ہے۔"

"ارے نہیں عزرہ بیگم یہ آپ کا وہم ہے وہ بلکل ٹھیک ہے۔"

کیا سچ میں اس جوتش کی بات جھوٹ تھی؟

"اگر نہیں تو پھر۔۔۔۔۔۔!

آگے کے الفاظ وہ بول ہی نہیں سکی جنہیں آج کل سوچ کر ہی وہ ڈر جاتی تھیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"جی آپ یہی سمجھیں کہ اس انسان کی بات جھوٹی ہی تھی۔"

ہمیں کیا پتہ وہ کون تھا؟

اور جو اس نے کہا ہم اسے کیسے مان لیں؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

ہماری بیٹی بلکل ٹھیک ہے ہمارے سامنے ہے، جو اس رات ہوا وہ محظ ایک حادثہ تھا ہم اس بات کو اس سے جوڑ نہیں سکتے کیونکہ ہماری بیٹی بلکل صحیح ہمارے پاس ہے۔

" اب آپ بھی یہ سب سوچنا بند کردیں۔"

ہمم۔۔۔۔!

"شاید آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔"

میں ہی ضرورت سے کچھ زیادہ ہی سوچ رہی ہوں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن اس جوتش کی بات سچ ثابت ہو گئ تھی۔"

اشفاق احمد اور عزرہ بیگم دونوں ہی اس بات سے انجان تھے کہ ان کی بیٹی کی زندگی اب کروٹ کھا چکی ہے۔

"اگے کیا ہونے والا تھا کسی کو کچھ پتہ نہیں تھا۔"

URDU NOVEL BANK

---------------------------------

"پری وش اپنا کینوس بورڈ سیٹ کر کے اپنے پینٹنگ کلرنکال رہی تھی لیکن دماغ اس کا وہی اٹکا ہوا تھا۔"

وہ جتنا اس کے بارے میں سوچ رہی تھی اتنا ہی الجھتی جا رہی تھی۔

"اس لیے اس نے زوبی کے آنے تک پینٹنگ بنانا سٹارٹ کی۔"

ہائے پری وش!

"وہ اپنے کام میں مگن تھی جب اس نے زوبی کی آواز سنی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہائے!

"ہاں بتاؤ اتنی ایمرجنسی میں کیوں بولایا ہے۔"

"زوبی نے پاس پڑے بینچ پہ بیٹھتے ہوئے پوچھا۔"

یار کیا بتاؤ پتہ نہیں کیا ہو رہا ہے؟

URDU NOVEL BANK

"پری وش نے زوبی کے پاس بیٹھتے کہا۔"

بتاؤ تو سہی ہوا کیا ہے؟

"یار آج جب میں صبح اٹھی تو میں نے بہت ہی عجیب چیز دیکھی۔"

کیا؟

"میرے بیڈ پہ وائٹ روز پڑے ہوئے تھے۔"

تو اس میں اتنی پریشانی والی کیا بات ہے آنٹی سے پوچھتی۔

"یہی بات میں سوچی تھی لیکن میرے ڈریسنگ پہ بھی پھول پڑے تھے اور مرر پہ صبح بخیر مائی سنو وائٹ لکھا ہوا تھا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب یہ کام تو ماما بابا کا نہیں ہو سکتا نہ-----!

"بات تو واقعی ہی حیران کن ہے۔"

تمہیں کیا لگتا ہے یہ سب کس نے کیا ہو گا؟

URDU NOVEL BANK

"یہی تو مجھے سمجھ نہیں آ رہا یار، تبھی تو تمہیں بولایا ہے۔"

ماما بابا کو بتا نہیں سکتی وہ پہلے ہی مجھے لے کر پریشان رہتے ہیں۔

تو اب اس مسئلے کا حل کیسے نکلے گا؟

"یہی تو سوچ سوچ کے تھک گئی ہوں۔"

"پری تم ایک کام کرو۔"

تم پتہ کرواؤ کہ تمھارے گھر کون آیا تھا؟، کیوں کے اگر یہ کسی باہر والے کا کام ہے تو یقیناً کوئی تو گھر کے اندر آیا ہو گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کسی نے تو اس انسان کو گھر کے اندر آتے ہوئے دیکھا ہو گا۔"

ہاں ٹھیک کہہ رہی ہو، میں ابھی گھر جاتی ہوں اور سب سے پوچھتی ہوں۔

ہممم---!

"چلو ٹھیک ہے پھر میں چلتی ہوں ماما بابا کو بنا بتائے آئی ہوں۔"

URDU NOVEL BANK

زوبی نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔

"اوکے ٹھیک ہے میں بھی چلتی ہوں۔"

چلو میں تمہیں ڈراپ کر دوں۔

"نہیں میں گاڑی لے کے آئی ہوں تم چلو میں بھی اپنا سامان سمیٹ لوں تو نکلتی ہوں۔"

ارے واہ-----!

"تم پینٹنگ بنا رہی تھی۔"

دکھاؤ مجھے بھی کیا بنایا ہے۔

ہاں دیکھو----!

وہ جیسے ہی اپنی پینٹنگ کی طرف مڑی تو اس پہ حیرت کا پہاڑ ٹوٹ پڑا وہ تو جیسے سکتے میں ہی چلی گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ارے واہ پری تم نے اپنی ہی پینٹنگ بنائی ہے۔"

اور تمہیں وائٹ روز اتنے پسند آ گیۓ کہ تم نے ہر جگہ وائٹ روز بنا ڈالے۔

پری!!

"زوبی نے اسے بازو سے پکڑ کر پلایا جو بت بنے کھڑی تھی۔"

"زوبی وہ یہی ہے ڈھونڈو اسے۔"

کون؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کس کی بات کر رہی ہو؟

زوبی پری وش کے پیچھے بھاگتے ہوئے پوچھ رہی تھی جو پورے پارک میں ادھر سے ادھر بھاگتے کسی کو تلاش رہی تھی۔

"زوبی وہی جس نے یہ پینٹنگ بنائی۔"

کیا مطلب یہ پینٹنگ تو تم نے بنائی ہے نہ-----!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں۔۔۔۔!

"یہ میں نے نہیں بنائی میں تو نیچرل پینٹنگ بنا رہی تھی۔"

اوہ مائی گاڈ!!

تمہارے کہنے کا مطلب ہے کہ کوئی یہاں آیا اور ہمارے بات کرنے کے دوران یہ پینٹنگ بنا کے چلا گیا۔

ہاں بلکل!!

"کیوں کہ یہ میں بنائی ہی نہیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پری وش تم چلو گھر ابھی کہ ابھی۔"

"چلو جلدی اٹھاؤ اپنا سامان۔"

وہ دونوں سامان اٹھاتے ہوئے گاڑی کی طرف چل دی جبکہ کسی کی نظروں نے دور تک پری وش کا پیچھا کیا تھا۔

---------------------------------

وہ گھر واپس آئی تو سیدھا اپنے کمرے میں چلی گئی۔

"عزرہ بیگم جو کہ کچن سے باہر نکل رہی تھیں اسے اس طرح آنا فانا آتے دیکھ کر اس سے بات کرنے کے لیے آگے بڑھی ہی تھی کہ وہ بنا ان کی سنے اپنے کمرے میں چلی گئی۔"

اس کو کیا ہوا؟

"یہ اتنی جلدی واپس آ گئی اور آتے ہی اپنے کمرے میں چلی گئی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ یہی سب سوچ رہی تھی کہ اشفاق صاحب نے آ کر ان سے چائے کی فرمائش کی۔

"لیکن وہ تو اپنی ہی سوچوں میں غرق تھی۔"

URDU NOVEL BANK

کوئی جواب نہ ملنے پر اور انہیں اسی طرح وہاں کھڑے دیکھ کر اشفاق احمد نے ان کے قریب جاتے ہوئے اپنی بات داہرائی۔

ہمم۔۔۔۔!

جی کیا کہا آپ نے؟

"عزرہ بیگم نے تذبذب ہوتے ہوئے پوچھا۔'

کیا ہوا آپ کو؟

"کن سوچوں میں اتنی الجھی ہوئی ہیں کہ آپ کو ہماری بات سنائی نہیں دی۔"

www.urdunovelbank.com

"اشفاق صاحب پری وش آ گئی ہے۔"

تو اس میں کون سی غلط بات ہے، اچھا ہی ہے وہ جلدی واپس آ گئی۔

"اشفاق صاحب کبھی تو میری پوری بات سن لیا کریں۔"

'درمیان میں ہی بولنا شروع کر دیتے ہیں۔"

URDU NOVEL BANK

اچھا اچھا-------!

"بتائیں آپ اپنی پوری بات، ہم سن رہے ہیں۔"

"میں کہہ رہی تھی کہ پری واپس آ گئی ہے لیکن وہ آتے ہی اپنے کمرے میں چلی گئی۔

میں اسے آواز دی لیکن اس نے سنی ہی نہیں، وہ کچھ پریشان لگ رہی تھی۔"

اچھا-----!

"عزرہ بیگم آپ ایسا کریں چائے بنا کہ پری کے کمرے میں ہی لے آئیں، میں بات کرتا ہوں اس سے۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

جی اچھا-----!

"وہ اس پینٹنگ کو غور سے دیکھ رہی تھی۔"

URDU NOVEL BANK

اس کے ایک ایک نقش کو واضح بنایا گیا تھا اور ساتھ ہی بہت سارے وائٹ روز بنائے گئے تھے۔

"وہ انہیں غور سے دیکھ رہی تھی کہ اچانک اس کے مائنڈ میں سنو وائٹ لفظ آیا۔"

اس نے تھوڑااور دھیان دے کر دیکھا تو واقعی میں ہی پھولوں سے سنو وائٹ لکھا ہوا تھا۔

اوہ گاڈ-----!

"اس کا مطلب کہ پارک میں سچ میں ہی وہی انسان آیا تھا جس نے میرے کمرے میں پھول رکھے تھے۔"

Visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن اگر وہ وہاں آیا تو مجھے اور زوبی کو پتہ کیسے نہیں چلا۔"

کیا ہم بات کرنے میں اس قدر مصروف تھیں کہ ہمیں اس کی آمد کا احساس ہی نہیں ہوا۔ اور اتنی جلدی اس نے یہ تصویر بنا کیسے لی؟

URDU NOVEL BANK

"یہ بھی تو ہو سکتا نہ کہ اس نے یہ تصویر پہلے ہی بنائی ہو اور تب وہاں بس لگا کے چلا گیا۔"

افف۔۔۔۔!

"مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا۔"

وہ اسی پہیلی کو سلجھانے کی کوشش کر رہی تھی جب دروازہ ناک ہوا۔

پری بیٹا!!

"بابا۔۔۔۔! آپ آ جائیں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا کر رہی ہے ہماری پرنسس؟

اشفاق صاحب نے اندر آتے ہوئے پوچھا۔

کیا میں ڈسٹرب تو نہیں کیا آپ کو؟

"اشفاق احمد نے اسے کینوس کے سامنے کھڑے دیکھ کر پوچھا۔"

URDU NOVEL BANK

ارے نہیں بابا۔۔۔۔۔!

بلکل بھی نہیں۔۔۔۔!

آیئے نہ بیٹھیں۔

"ہممم۔۔۔۔! تو کیسا لگا آپ کو پارک جا کہ۔"

اشفاق صاحب نے صوفے پہ بیٹھتے ہوئے پوچھا۔

"بہت اچھا لگا بابا، بہت مزا آیا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گڈ!!

"اچھا آپ نے کیا پینٹنگ بنائی دیکھائے ہمیں بھی۔"

انھوں نے اسے ہنوز کینوس کے سامنے کھڑے دیکھتے ہوئے کہا۔

جی بابا وہ۔۔۔۔۔۔۔!

"ارے آپ ہٹیں سامنے سے ہم خود ہی دیکھ لیتے ہیں۔"

URDU NOVEL BANK

"پری وش تذبذب کے عالم میں سامنے سے ہٹی۔"

بہت خوب بیٹا۔۔۔۔۔!!

"کمال کی پینٹنگ بنائی ہے آپ نے۔"

واہ۔۔۔۔۔!!

" کتنے اچھے طریقے سے آپ نے صبح کے سہانے منظر کو قید کیا ہے۔"

پری اشفاق احمد کی اس بات پہ حیران ہوتے ہوئے فورا پلٹی۔

تو سامنے سچ میں ایک صبح کا منظر تھا وہی جسے اس نے بنانا شروع کیا تھا لیکن زوبی کے آنے کی وجہ سے ادھورا چھوڑ دیا تھا۔

"پر وہ پینٹنگ اس وقت مکمل تھی۔"

وہ مزید الجھ گئی کہ یہ اچانک اس کی تصویر اس پینٹنگ سے کیسے بدل گئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دوسری طرف اشفاق احمد نے اس کی اس پریشان صورت کو واضح طور پہ نوٹ کیا تھا۔

کیا ہوا بیٹا آپ اتنی حیران کیوں ہو رہی ہیں؟

یہ آپ نے ہی بنائی ہے نہ-----!

جی جی بابا!!

"میں نے ہی بنائی ہے۔"

لیکن مجھے اتنی اچھی نہیں لگی اس لیے آپ کے اس کو سراہنے پہ حیران ہوئی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"پری بیٹا ادھر آئیں میرے پاس بیٹھیں۔"

جی بابا----؟

پری وش نے اشفاق احمد کے پاس بیٹھتے ہوئے پوچھا۔

کیا ہوا ہے؟

جی۔۔۔۔!

بیٹا میں پوچھ رہا ہوں کہ ایسا کیا ہوا ہے؟ ایسی کون سی بات ہے؟ جو آپ اپنے بابا سے شئیر کرنے سے گھبرا رہی ہیں۔

نہیں بابا۔۔۔۔۔!

"ایسی تو کوئی بات نہیں ہے۔"

"پری وش نے نظروں کا زاویہ گھماتے ہوئے کہا۔"

اگر کوئی بات نہیں ہے تو آپ ہم سے آج نظریں ملا کر بات کیوں نہیں کر رہی؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پری بیٹا ہم آپ کے دوست بھی ہیں، آپ ہم سے بلا کسی جھجھک کے بات کر سکتیں ہیں۔"

"بابا سچ میں کوئی بات نہیں ہے، اگر ہوتی تو میں سب سے پہلے آپ کو ہی بتاتی۔"

"اتنے میں عزرہ بیگم بھی چائے لے کر آ گئیں۔"

URDU NOVEL BANK

کیا باتیں ہو رہی ہیں باپ بیٹی میں؟

"انھوں نے چائے کی ٹرے ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھا۔

اور خود بیڈ کی ایک سائیڈ پہ ٹک گئی۔"

"یہ ہم باپ بیٹی کی سیکرٹ باتیں ہیں آپ کا جاننا ضروری نہیں۔"

کیوں پری بیٹا؟

اشفاق احمد نے جواب دیتے ہوئے آخر میں پری وش کو بھی مخاطب کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں بھئی۔۔۔!

"صحیح ہے، میں کون ہوتی ہوں کچھ بھی جاننے کے لیے۔"

"عزرہ بیگم نے نروٹھے پن سے کہا۔"

ارے میری پیاری ماما۔۔۔۔!

"آپ تو ہماری گھر کی ہماری جان ہیں۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پری وش نے ان کے گرد اپنے بازوؤں کا حلقہ بناتے ہوئے کہا۔

"آپ کو ہر چیز جاننے کا حق ہے۔"

"اچھا بس بس اب یہ مکھن نہ لگاؤ۔"

اشفاق احمد چائے سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ماں بیٹی کی تکرار کا مزہ لے رہے تھے جب ان کا موبائل رنگ ہوا۔

وہ فون کان کو لگاتے ہوئے باہر کی جانب بڑھ گئے۔

"ماما میں مکھن نہیں لگا رہی میں سچ بات کر رہی ہوں۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم اور تمہاری سچی باتیں دونوں میری سوچ سے پرے ہیں۔

پیچھے ہٹو مجھے بہت کام ہے تمہاری طرح فارغ تھوڑی ہوں۔"

وہ پری وش کو خود سے الگ کرتے ہوئے اٹھ کہ چل پڑی لیکن جاتے جاتے ایک بات کہہ گئی۔

URDU NOVEL BANK

"پری بیٹا جو بھی بات تمہیں پریشان کر رہی ہے وہ مجھ سے نہیں تو اپنے بابا سے ضرور کر لو۔"

پری وش ان کے جانے کے بعد سر گھٹنوں میں دے کر بیٹھ گئی۔

"ماما بابا میں کیا بتاؤں آپ دونوں کو؟"

"ابھی میں خود اس بات کو سمجھ نہیں پا رہی۔"

"میرے پاس خود جواب نہیں ہے، میں خود ا لجھی گتھی کو سلجھانے کی کوشش کر رہی ہوں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن جس دن میں اس بات کی تہہ تک پہنچی آپ کو ضرور بتاؤں گی۔"

"لیکن وہ اس بات سے یکسر انجان تھی کہ اب وہ اس کہانی میں مزید الجھتی جائے گی۔"

--------------------------------------

اسلام علیکم آنٹی۔۔۔۔!!

زوبی جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوئی تو سامنے ہی عزرہ بیگم کو لان میں کھڑے دیکھا کر ان کی طرف چل دی، جو مالی سے لان میں لگے پھولوں کے پودوں کی تراش خراش کروانے میں مصروف تھیں۔

واعلیکم السلام بیٹا!!

"عزرہ بیگم اس کی آواز سنتے ہی اس کی طرف متوجہ ہوئی تھی۔"

کیسی ہیں آپ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اللہ کا شکر بیٹا میں بلکل ٹھیک۔"

تم بتاؤ تمہارے گھر میں سب خیریت سے ہیں نہ۔۔۔۔!

"جی جی آنٹی بلکل سب ٹھیک ہیں۔"

آنٹی پری کہاں ہے؟

URDU NOVEL BANK

"ارے بیٹا وہ آج صبح پارک گئی تھی واپس آ کہ تب سے ہی اپنے کمرے میں ہے۔

باہر نکلی نہیں میں اسے بول بول کے تھک گئی کہ باہر اتنی اچھی دھوپ ہے آ جاؤ

لیکن وہ ہے کہ ٹسسے نس نہیں ہوئی۔"

آنٹی آپ فکر نہیں کرے میرے پاس اس کو کمرے سے باہر نکالنے کا حل ہے۔

وہ کیا؟

"اس کے لیے ایسی دھماکے دار نیوز لائی ہوں نہ کہ وہ فوراً بھاگی بھاگی باہر آئے

گی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ دیکھنا میں ابھی جا رہی اس کے پاس ٹھیک پانچ منٹ بعد وہ آپ کے پاس ہو

گی۔

"وہ عزہ بیگم کو ایسی ہی نا سمجھی کے عالم میں چھوڑ کر پتی وش کے کمرے کی

جانب بڑھ گئی۔"

URDU NOVEL BANK

پتہ نہیں۔ یہ دونوں لڑکیاں کیا کرتی رہتی ہیں۔

"پہلے پری کی سمجھ نہیں آتی تھی اور اب یہ بھی اس کے جیسی ہی ہو گئی ہے۔"

"تم تو کام کرو اپنا دھیان سے۔"

"وہ ایک بار پھر سے مالی کی طرف متوجہ ہو چکی تھیں۔"

---

"پری وش اس وقت سو رہی تھی جب زوبی نے آ کہ فل زور سے اس کے کمرے کا درواز کھولا، لیکن وہ اس شور پہ بھی نہ اٹھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اوہ تو مہارانی سو رہی ہیں اور وہ بھی اتنی گہری نیند کہ میرے اس طرح شور پیدا کرنے پہ بھی نہیں اٹھی۔"

"اس کو تو میں ابھی اٹھاتی ہوں۔"

URDU NOVEL BANK

یہ کہتے ہی اس نے پری کے اوپر سے کھینچ کے کمبل اتارا اور خود اچھل کر اس کے اوپر بیٹھ گئی۔

اوہ ماں۔۔۔۔۔۔!

"پری وش چلائی۔"

اس نے نیند سے بوجھل آنکھیں کھولیں تو اپنے سامنے زوبی جو پایا۔

"اس کا پارہ مزید ہائی ہوا۔"

"وہ اسے دھکیلتی ہوئی اٹھ بیٹھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی اس کے اٹھنے سے گرتے گرتے بچی۔

کیا مسئلہ ہے؟

"پری وش نے غصے سے پوچھا۔"

مسئلہ یہ ہے کہ مجھے نیوٹن کا قانون سمجھ میں نہیں آ رہا۔

URDU NOVEL BANK

کیا؟

ہاں ٹھیک سنا تم نے۔۔۔۔!

"اگر اسے ایک سیب مل ہی گیا تھا تو وہ کھا لیتا اس پہ ریسرچ کرنے کی کیا ضرورت تھی۔"

یہ تم کیا بکے جا رہی ہو؟

دماغ کا سکریو ڈھیلا ہو گیا ہے کیا؟

"ہاں بلکل ڈھیلا ہو گیا لیکن میرے دماغ کا نہیں تمہارے دماغ کا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم سچ میں پاگل ہو گئی ہو۔

"جی جی بلکل اور اب تم بھی پاگل ہونے والی ہو۔"

کیا مطلب؟

یعنی کہ تمہیں سچ میں نہیں پتہ۔۔۔۔۔۔!!

URDU NOVEL BANK

"میرا اندازہ بلکل ٹھیک تھا۔"

کیا نہیں پتہ مجھے-----؟

پہیلیاں کیوں بوجھوا رہی ہو؟

سیدھی طرح بتاؤ۔

اچھا اچھا-----!

"غصہ نہیں کرو میں بتاتی ہوں۔"

ہاں بکو جلدی-----!

"افف تم کتنی بدتمیز ہو گئی ہو۔"

تم بتا رہی ہو کہ نہیں-----؟

اچھا نہ----! بتا رہی ہوں۔

"یار ہمارا کالج ٹرپ جا رہا ہے شمالی علاقہ جات میں۔"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

کب-----؟

تمہیں کس نے بتایا؟

افف ہو لڑکی----!

"زرا اپنا موبائل چیک کرو۔"

صبح سے یہی ڈسکشن تو چل رہی تھی گروپس میں اور فائنلی طے یہ پایا ہے کہ کل شام کو ہمارا ٹرپ شمالی علاقہ جات کی طرف جائے گا۔

اور میں نے اپنے نام کے ساتھ ساتھ تمہارا نام بھی لکھوا دیا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"افف میں تو بہت آکسائیٹڈ ہوں برف باری ہوتے دیکھوں گی اتنا ٹھنڈا موسم ہو گا۔"

'پاگل لڑکی مجھے بابا سے بات تو کرنے دیتی۔"

"اوہ میڈم یہ نخرے نہیں دکھاؤ۔"

URDU NOVEL BANK

مجھے نہیں پتہ کہ تمہیں شمالی علاقوں کی سیر کرنے کا کتنا شوق ہے اور رہی بات انکل کی تو وہ کبھی بھی منع نہیں کریں گے۔

"اور مزے کی بات تمہارا یہ پھول والا بھی وہاں نہیں ہو گا۔"

چلو چلو اب اٹھو جلدی کرو پیکنگ بھی تو کرنی ہے اور ہم نے صبح 11 بجے تک کالج پہنچنا ہے شام کے 4 بجے ہم روانہ ہوں گے۔

اور ابھی کے لیے ہم بازار چل رہیں ہیں تمہیں پتہ ہے نہ سردی کا موسم ہے اور ادھر تو ایکسٹرا ہی سردی ہو گی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لڑکی سانس تو لو۔"

"تم نے تو ہڑبڑی مچا دی۔"

"مجھے ماما بابا سے بات تو کرنے دو۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں تو پھر کس کا انتظار کر رہی ہو چلو آنٹی نیچے لان میں ہیں ان سے مل کے ہی آرہیں ہوں ابھی بات کرو۔

زوبی اسے کھینچتے ہوئے اپنے ساتھ نیچے لے آئی۔

"تمہاری یہ جلد بازی مجھے ٹھیک نہیں لگ رہی۔"

کوئی جلد بازی نہیں ہے وقت بہت کم ہے اس لیے میں کہہ رہی ہوں۔

کس میں وقت کم ہے بھئی-----؟

"وہ دونوں راہداری سے گزر رہی تھیں جب انہیں اشفاق صاحب کی آواز سنائی دی جو لاؤنج میں بیٹھے اپنے پسندیدہ مشغلے میں مصروف تھے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انکل ہمارا کالج ٹرپ جا رہا ہے اور میں اسے کہہ رہی ہوں کہ تم بھی چلو گی ساتھ اور ہمیں اس کے لیے کچھ شاپنگ توکرنی پڑے گی نہ لیکن یہ منع کر رہی ہے کہ پہلے بابا سے بات کر لوں۔

URDU NOVEL BANK

اب بھلا آپ منع کریں گے کیا؟

زوبی نے کمال مہارت سے چہرے پہ دنیا جہاں کی معصومیت لاتے ہوئے اشفاق احمد کو اپنی باتوں میں گھیرا۔

زوبی جانتی تھی کہ اشفاق احمد منع نہیں کریں گے لیکن آج کل وہ پری کو لے کر کچھ زیادہ ہی پوزیسو ہو رہے تھے اس لیے اس نے ایسے بات کی۔

"پری وش دل ہی دل میں اپنی ڈرامہ باز دوست کی اوور ایکٹنگ پہ کمنٹ پاس کر رہی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں بیٹا کیوں نہیں---؟

پری وش جانا چاہتی ہے تو ضرور جائے لیکن-----!

"لیکن اپنا بہت خیال رکھے اور فون کال کرتی رہے کچھ الٹا سیدھا نہ کھائے۔"

یہی نہ انکل----؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"زوبی نے اشفاق احمد کی بات کاٹتے ہوئے خود ہی ان کی بات پوری کی۔"

ہاہاہاہاہاہا ۔۔۔۔۔!

اشفاق احمد زوبی کی اس حرکت پہ دل کھول کے ہنسے۔

جی بیٹا بلکل یہی۔۔۔۔۔!

انکل آپ فکر نہیں کریں اس کے ساتھ میں ہو گی۔

'تو کیا اب ہم شاپنگ پہ جائیں واپس آ کر ہمیں پیکنگ بھی تو کرنی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں ہاں بیٹا جاؤ آپ لوگ۔

اشفاق احمد نے پری وش کو اپنا کریڈٹ کارڈ تھماتے ہوئے کہا۔

تھینک یو بابا۔۔۔۔۔!

وہ دونوں آپس میں آگے کی ساری پلاننگ کرتے ہوئے باہر کی جانب چل پڑیں۔

------------------------------

URDU NOVEL BANK

عزہ بیگم کام ختم کروا کے گھر کے اندر جانے ہی لگی تھی کہ انہوں نے دونوں کو گھر سے باہر جاتے دیکھا۔

ارے یہ لڑکیاں بھی کیا کرتی ہیں؟

ابھی یہ زوبی مجھے کہہ رہی تھی کہ آنٹی پری وش پانچ منٹ میں آپ کے پاس نیچے آ جائے گی، اور ابھی یہ اسے لیے جا رہی ہے۔

"ان دونوں لڑکیوں نے مجھے پاگل کر دینا ہے۔"

ارے کس نے پاگل کر دینا ہے آپ کو؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"عزہ بیگم خود سے ہمکلام ہوتے ہوئے آ رہی تھیں جب اشفاق صاحب نے ان آخری بات سنتے ہوئے ان سے پوچھا۔"

یہی ان دونوں لڑکیوں نے۔۔۔!

'ابھی زوبی آئی تھی اور پری کو لے کے چلی گئی بنا کچھ بتائے۔"

URDU NOVEL BANK

عزرہ بیگم وہ مجھ سے اجازت لے کے ہی گئی ہیں۔

'شاپنگ پہ گئی ہیں دونوں۔"

شاپنگ پہ؟

لیکن کیوں ؟

"ان کے کالج کا ٹرپ جا رہا ہے اس لیے وہ شاپنگ کرنے گئی ہیں۔"

"اچھا تو یہ خبر تھی جس کا ذکر زوبی کر رہی تھی۔"

"اور آپ نے یقیناً اجازت دے دی ہوئی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں۔۔۔! تو کیا نہیں دینی تھی؟

"اشفاق صاحب آپ کو پتہ تو ہے میں کس لیے کہہ رہی ہوں۔"

"آپ بھی کمال کرتی ہیں بیگم۔"

URDU NOVEL BANK

پری وش کو اٹھارہ برس کی ہوئے آج پورے 3 دن ہو گئے ہیں اور اسے کچھ بھی نہیں ہوا۔

"ان شاءاللہ آگے بھی کچھ نہیں ہو گا۔"

اب ہم اس بات کو لے کر اپنی بچی سے اس کی چھوٹی چھوٹی خوشیاں تو نہیں چھین سکتے۔

آپ یہ سب سوچنا چھوڑے اور بس اس کی سلامتی کی دعا کریں۔

اشفاق احمد یہ کہہ کر سٹڈی روم کی جانب چل دیئے اس بات سے بے خبر کہ اصل کہانی تو اب شروع ہونے والی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پری وش اب وہاں پہ اسکی زندگی کو نیا رخ دینے والے انسان سے ملنے والی ہے۔"

-------------------------------

"پری ہر چیز رکھ لی ہے نہ تم نے اپنی۔"

URDU NOVEL BANK

عزرہ بیگم پری وش کی پیکنگ میں مدد کر رہی تھی جب انہوں نے اسکا بیگ ریڈی کرتے ہوئے پوچھا۔

جی ماما۔۔۔۔!

"ہر چیز رکھ لی ہے۔"

اچھا۔۔۔۔!

"دیکھو وہاں زیادہ رات تک باہر نہیں گھومنا یہ نہ ہو بیمار پڑ جاؤ۔"

"سردی سے خود کو کور کر کے رکھنا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ماما آپ فکر نہیں کریں میں بچی تھوڑی ہوں اور آپ تو ایسے نصیحتیں کر رہی ہے مجھے جیسے میں اکیلی جا رہی ہوں۔

"میرے ساتھ اور بھی تو لوگ جا رہے ہیں ۔"

مجھے اوروں کا نہیں پتہ۔۔۔۔۔!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تم بس اپنا پورا دھیان رکھنا اور وہاں پہنچتے ہی کال کر دینا۔"

ارے کوئی نصیحت میرے لیے بھی بچا کہ رکھ لیں یا ساری آپ نے ہی کرنی ہے۔

"اشفاق احمد نے عزہ بیگم کی بات میں مداخلت کرتے ہوئے کیا۔"

بابا!!

آپ بھی۔۔۔۔۔!

اچھا اچھا ۔۔۔۔۔!

"میں نہیں کچھ بھی کہتا لیکن چلو آپ کو دیر نہیں ہو رہی کیا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی بابا۔۔۔۔!

یہ سامان ۔۔۔۔۔۔؟

"بیٹا آپ جا کے گاڑی میں بیٹھیں میں رکھواتا ہوں سامان۔"

" وش اپنا ہینڈ بیگ موبائل اٹھا کے باہر کی جانب بڑھ گئی۔"

URDU NOVEL BANK

"پیچھے عزہ بیگم اس کے لیے خیروعافیت کی دعائیں پڑھ کے پھونکنے لگی۔"

---

ان کا سفر شروع ہو چکا تھا۔

"سب سٹوڈنٹس اپنے سفر کو انجوائے کر رہے تھے۔"

"انتاکشری اور بیت بازی کا مقابلہ ہو رہا تھا۔"

گرلز اور بوائز نے اپنی الگ الگ ٹیم بنائی ہوئی تھی۔

"ٹیچر جج کا کردار ادا کر رہے تھے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آٹھ گھنٹے کا سفر ان سب نے ایسے ہی انجوائے کرتے گیمز کھیلتے ہوئے گزارا۔

"کسی نے بھی ایک دوسرے کو سونے نہیں دیا۔"

بس اپنی منزل پر پہنچ گئی تھی۔

اور اب آٹھ گھنٹے کے طویل سفر سے سب تھک چکے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"سب ہی تھوڑا آرام کرنا چاہتے تھے۔"

اس لیے طے یہ پایا کے سب اپنے اپنے رومز میں جا کے فریش ہوں گے۔

کچھ دیر اپنے سفر کی تھکان اتاریں گے اس کے بعد ناشتہ کیا جائے گا۔

'پھر ہی گھومنے کا پروگرام بنایا جائے گا۔"

سب سٹوڈنٹس اپنے اپنے بنائے گروپس کے مطابق رومز شئیر کر رہے تھے۔

-----------------------------

'یار روم کی 'کی' تو ہم لے کے ہی نہیں آئے سرسے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"زوبی نے اپنے گروپ کو کہا۔"

اوہ یار۔۔۔۔۔۔!

اب کون جائے گا۔۔۔!

"ان میں سے ایک لڑکی نے پوچھا۔"

URDU NOVEL BANK

"ایسا کرو تم لوگ روم کی طرف جاؤ میں سر سے کی لے کے آتی ہوں۔"

پری وش نے کہتے ہوئے اپنا بیگ زوبی کو تھمایا اور خود کی لینے کے لیے پلٹ گئی۔

"وہ کی لے کے واپس روم کی طرف جا رہی تھی کہ لوبی سے گزرتے ہوئے کسی سے بہت بری طرح ٹکرائی۔"

اس کا پاؤں سلپ ہوا وہ خود کو سنبھالنے کے لیے دیوار کا سہارا لینا چاہ رہی تھی لیکن دیوار اس سے دور تھی۔

اس نے آنکھیں بند کی ہوئی تھی وہ گرنے ہی والی تھی کے کسی نے اسے ایک ہاتھ سے اس کا بازو پکڑتے ہوئے اور دوسرے ہاتھ سے اسے کمر سے پکڑتے ہوئے تھاما۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کچھ سیکنڈ بعد جب اسے احساس ہوا کہ وہ نیچے نہیں گری تو اس نے آنکھیں کھول کے دیکھا۔"

"اور خود کو کسی کی بانہوں میں پا کے اس کا پارا ہائی ہوا۔"

URDU NOVEL BANK

"وہ خود کو چھوڑواتے ہوئے سیدھی کھڑی ہوئی۔"

تمہیں تمیز نہیں ہے کیا؟

دیکھ کر نہیں چل سکتے تھے۔۔۔۔۔؟

"وہ اپنا سارا غصہ سامنے والے پہ اتار رہی تھی۔"

لیکن سامنے والا بس اسے چہرے پہ مسکراہٹ سجائے دیکھ رہا تھا۔

ہونہہ۔۔۔۔!

"مجھے لگتا ہے کہ تم اندھے ہونے کے ساتھ گونگے اور بہرے بھی ہو۔"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

افف۔۔۔۔!!

"پری وش کہاں دماغ کھپا رہی ہو چلو یہاں سے۔"

"وہ خود سے کہتے ہوئے آگے بڑھ گئی۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جبکہ وہ پیچھے کھڑا ابھی تک اس کی کچھ سیکنڈ کے قربت کے احساس کو محسوس کر رہا تھا۔

"عجیب پاگل انسان ہے۔"

"کیسے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہا تھا۔"

وہ خود سے ہمکلام ہوتے ہوئے آگے بڑھ رہی تھی کہ اس نے کچھ محسوس کرتے ہوئے پیچھے مڑ کر دیکھا۔

"لابی بلکل خالی تھی۔"

"کوئی بھی نہیں تھا وہاں۔"

"یہ کہاں گیا ابھی تو ادھر ہی تھا۔"

پھر یوں اچانک کہاں چلا گیا۔۔۔؟

---------------------------------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

حصہ دوم

پری وش جیسے ہی کمرے کے پاس پہنچی تو اسنے سامنے ہی اسی شخص کو اپنی دوستوں کے ساتھ محو گفتگو دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"وہ وہیں پہ کھڑی ہو گئی۔"

"یہ مجھ سے پہلے یہاں کیسے آ گیا؟"

"میں نے تو اسے راستے میں دیکھا بھی نہیں تو پھر کیسے-----؟"

وہ اپنی ہی سوچوں میں غرق کھڑی تھی کہ زوبی نے اسے دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے پری---!"

"ادھر کھڑی کیا کر رہی ہو؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"یہاں آؤ نہ----!"

پری وش کچھ لمحوں کے لیے ساری سوچوں کو جھٹکتے ہوئے آگے بڑھی۔

آؤ پری---!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ان سے ملو-----!

"یہ ہے مسٹر ازلان---!"

"بڑے ہی خوش مزاج آدمی ہے اور مزے کی بات یہ بھی اسی ہوٹل میں ٹھہرے ہیں۔"

زوبی ٹھیک ٹھاک اذلان کی شخصیت سے متاثر ہو گئی تھی ۔

ہوتی بھی کیوں نہ۔۔۔۔!

وہ تھا ہی ایسا۔۔۔۔!

ہر دلفریب انسان۔۔۔۔۔!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا بھلا کی کشش تھی اس کی شخصیت میں۔۔۔۔اکہ ہر کوئی اس کی طرف کھینچا چلا جاتا تھا۔

زوبی عائشے اور گل بھی اسے دیکھ کر اس کی دلگرفتہ ہو گئ تھیں۔

اسی لیے وہ چہک چہک کر اس کو پری سے متعارف کروا رہی تھی اس بات سے انجان کہ کچھ دیر پہلے انکی بڑی ہی ناگوار ملاقات ہوچکی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ اذلان ہونٹوں پہ بڑی ہی پرترنم مسکراہٹ سجائے پری وش کو ہی دیکھ رہا تھا اس کے برعکس وہ نا خوشگواری سے اس کی مسکراہٹ کو نظر انداز کرنے کی کوشش کر رہی تھی ۔

URDU NOVEL BANK

"ہیلو مس پری وش"

ازلان نے اس کی طرف مصافحے کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔

جسے اس نے بڑی مہارت سے نظر انداز کرتے ہوئے زوبی کو مخاطب کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"زوبی کمرے کی کی مل گئی ہے اقرار نے ایک گھنٹے بعد اب کو ناشتے کے لیے بلایا ہے۔"

اب پیچھے ہٹو۔۔۔۔!

URDU NOVEL BANK

مجھے اندر جانا ہے بہت تھک گئی ہوں آرام کرنا ہے۔

زوبی ششدر سے کھڑی کبھی پری کو دیکھ رہی تھی تو کبھی ازلان کو۔

"سوری مسٹر ازلان۔۔۔!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دراصل یہ بہت تھک گئی ہے نہ اس لیے ایسا برتاؤ کر رہی ہے۔

زوبی نے ابھی تک اسکے بڑھے ہوئے ہاتھ کو دیکھ کر کہا جبکہ پری وش اپنا سامان لیے جاچکی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"ارے کوئی بات نہیں۔۔۔!"

اب تو جان پہچان ہو ہی جائے گی۔

کیا مطلب۔۔۔۔!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مطلب یہ کہ ابھی تو کچھ دن آپ لوگ بھی یہاں اور میں بھی تو جان پہچان تو ہو ہی جائے گی نہ۔۔۔!

URDU NOVEL BANK

ازلان کے کمرے کے بند دروازے پہ نظرے گاڑے کہا جہاں ابھی پری وش گئی تھی۔

یہ اس کی پری وش سے پہلی ملاقات تھی اور وہ اس کی غصے سے بھری آنکھوں ، اس کے گالوں کی سرخی اور اس کے معصومیت بھرے چہرے پہ دل ہار بیٹھا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" ٹھیک ہے زوبی جی اب میں بھی چلتا ہوں پھر ملاقات ہوتی ہے۔"

زوبی اس کی پشت کو آنکھوں میں بے شمار رنمائی لیے دیکھ رہی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

دوسری طرف پری وش کی سوچیں ایکبار پھر سے شروع ہو گئی تھیں اور آج کل اس کی ہر سوچ ایک سوالیہ نشان تھی۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری یہ کون سا طریقہ ہے بھلا۔۔۔؟

"تم کب سے اتنی بے مروت ہو گئی؟"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زوبی نے کمرے میں آتے ہی اس کی کلاس لے ڈالی۔

"ہاں پری تمہیں کم سے کم سلام کا جواب تو دینا چاہیے تھا۔"

زوبی کی بات پر عائشے اور گل نے بھی کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پلیز یار"

میں اس وقت کسی بھی قسم کی بحث کے موڈ میں نہیں ہوں۔

"مجھے بس آرام چاہیے"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اتنا کہہ کر وہ واش روم میں شاور لینے کی غرض سے گھس گئی۔

پیچھے زوبی، عائشے اور گل ایک دوسرے کو دیکھ کر رہ گئی۔

--------------------------

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ناشتے سے فارغ ہونے کہ بعد اب سب ایک بار پھر سے ہشاش بشاش ہو گئے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سب گھومنے کے لیے نکل پڑے۔

ہر کوئی اپنی اپنی مستیوں میں مگن تھا۔

لیکن عمر پورے ٹرپ کو سب کی حرکات کو اپنے کیمرے میں محفوظ کر رہا تھا کہ اس کے کیمرے کی نظر پری وش پر جا رکی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ ارد گرد کا جائزہ لینے میں چیزوں کو دیکھنے میں پورے انہماک سے مصروف تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ابھی عمر اسے دیکھ کر کچھ سوچنے ہی لگا تھا کی اس کی نظر زرا فاصلے پہ کھڑی زوبی پر پڑی جو ازلان کے ساتھ محو گفتگو تھی لیکن ازلان کی نظر صرف پری پر ٹکی تھی۔

یہ منظر دیکھ کر عمر کے خرافاتی دماغ میں ایک سوچ ابھری جسے سوچتے ہی اس کے چہرے پر ایک کھسیانی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔

وہ اپنے دماغ میں اپنے جملے ترتیب دیتے ہوئے پری کی جانب بڑھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہیلو پری"

"ہیلو"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

ویسے کیا بات ہے تم یہاں اکیلی کھڑی ہو وہ تمہاری چپکو دوست کہاں ہے ؟

اوہ زوبی۔۔۔۔!

"ہاں میں خود دیکھ رہی ہوں اسے پتہ نہیں کدھر ہے۔۔۔!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے بھئی وہ نہیں اب ملنے والی تمہیں۔"

"کیا مطلب ؟"

URDU NOVEL BANK

" مطلب یہ کہ۔۔۔۔!"

وہ دیکھو سامنے تمھاری دوست کسی کے ساتھ کتنے مگن انداز میں بات کرنے میں مصروف ہے یہ بھی دھیان نہیں اسے کہ وہ تو تمھاری طرف دیکھ رہا ہے۔

عمر نے اپنے ہاتھ کے اشارے سے اس کا دھیان اس طرف دلواتے ہوئے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری کو تو ازلان کو دیکھ کر ہی غصہ آگیا اسی چکر میں وہ عمر کی بات کا مفہوم بھی نہیں سمجھ سکی۔

"یہ یہاں بھی آگیا وہ زیر لب کہتی زوبی کی جانب بڑھ گئی۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پیچھے سے عمر کی شیطانی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی۔

وہ لڑکا جو کوئی بھی تھا اس سے عمر کو کوئی سروکار نہیں تھا۔

وہ تو اپنی عادت سے مجبور اپنا لائحہ عمل تیار کرنے میں لگ گیا اس بات سے انجان کہ اس دفعہ اس نے غلط جگہ پہ اپنا دماغ لگایا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

-----------------------------

"زوبی تم یہاں کیا کررہی ہو؟"

پری وش نے اس کے پاس جا کر پوچھا ۔

" پری یار یہ ازلان مل گیا تھا ادھر تو اس سے زرا ہیلو ہائے کرنے لگ گئی.

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہیلو مس پری وش"

اس سے پہلے کہ پری کوئی جواب دیتی ازلان نے اسے مخاطب کیا ۔

URDU NOVEL BANK

مجھے ایسا کیوں لگتا ہے مسٹر ازلان کہ آپ ہمارا پیچھا کر رہے۔ جدھر ہم جاتے ہیں ادھر آپ ہوتے ہیں۔ اب یہ کوئی اتفاق تو نہیں سکتا۔

"آپ کو غلط لگ رہا ہے مس پری وش"

" ایک منٹ.. !

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" پہلے تو یہ آپ مجھے مس کہنا بند کریں کتنا عجیب لگ رہا"

"تو پھر آپ مجھے مسٹر کہنا بند کریں۔ "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

وہ بھی اپنے نام کا ایک تھا۔

پری کی طرح دوبدو جواب دینا اسے بھی خوب آتا تھا۔

"اور ویسے بھی میں تو مس اس لیے کہتا ہوں کہ بعد میں آپ نے مس سے مسز تو بننا ہی ہے."

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیا مطلب تمھارا ؟ "

"مطلب تو واضح ہے بس سمجھنے کی دیری ہے."

URDU NOVEL BANK

تم اپنی یہ چیپ باتیں اپنے پاس رکھو اور ہمارا پیچھا کرنا بندکرو ۔

"آپ کو کیوں لگتا ہے کہ میں آپ کا پیچھا کر رہا ؟"

" کیوں کہ تم وہیں پائے جاتے یہاں ہم ہوتے ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اچھا.... !

اسطرح تو پھر میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ آپ لوگ میرا پیچھا کر رہیں ۔

"یہاں میں ہوتا آپ بھی ادھر ہی پائی جاتیں۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تم۔۔۔۔ ! "

"اُفف ہو..."

یہ کیا تم دونوں نے بحث شروع کردی ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی نے ان دونوں کی ہوتی مسلسل تکرار سے تنگ آکر پری کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

"تکرار میں نہیں کر رہا آپ کی دوست کر رہی ہے۔"

"میں کر رہی ہوں یا تم؟"

تم مان لو کہ تم جان بوجھ کر ہمارے پیچھے آتے ہو۔

"ماننے کو تو میں بہت کچھ مان سکتا ہوں اگر آپ اجازت دیں تو."

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"تم نے پھر سے اپنی چیپ باتیں شروع کریں."

"ارے آپ ذرا اپنے غصے کو تھوڑا کم کر کے دیکھیں اب ہم اتنے بھی برے نہیں ہیں."

URDU NOVEL BANK

"واہ.... ! "

برے لوگ اپنے منہ سے کہہ رہے ہیں برے نہیں ہیں۔

ایک بار پھر سے ان کی بحث شروع ہو چکی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی وہی اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گ ئی ی اس انتظار میں کہ کب ان کی یہ بحث ختم ہوگی۔

کیوں کہ دونوں میں سے کوئی ی بھی ہار ماننے کو تیار نہ تھا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"اور تھوری دور دو آنکھیں یہ سارا منظر دیکھ رہی تھیں۔"

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پورا دن گھومنے کے بعد کچھ تو بہت زیادہ تھک گئے تھے اور کچھ ابھی تروتازہ تھے
۔

آدھے سٹوڈنٹس تو خواب خرگوش کے مزے لینے کیلئے ہوٹل کے لیے نکل پڑے۔

URDU NOVEL BANK

اور کچھ ابھی بھی وہاں کی سڑکوں پر مزید چہل قدمی کرنا چاہتے تھے ۔

"ان میں عائشے ، گل ، زوبی اور پری وش بھی تھیں ۔ "

رات کو اس وقت موسم میں خنکی بھی شامل ہو گئی تھی اور چاروں اس وقت سڑک کنارے چل رہی تھیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے آج کے دن ہونے والے ہر واقعہ کا تذکرہ کر رہی تھیں ۔

Visit for more novels: www.urdunovelbank.com

" ابھی وہ اپنے پسندیدہ مشغلے میں مصروف تھیں کہ اچانک پری چلائی۔ "

URDU NOVEL BANK

اس کا پاؤں رات کے اندھیرے میں ایک پتھر سے ٹکرا گیا تھا ۔

انگھوٹے کا ناخن ایک طرف سے اتر گیا تھا وہ وہیں پر بیٹھ کر مارے درد سے رونے لگی ۔

"پری کیا ہوا تمہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی اس کے پاس نیچے بیٹھتے ہوئے بولی .

"آہ...میرا پاؤں.."

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

زوبی اس کے چلانے پر اس کے پاؤں کی طرف متوجہ ہوئی یہاں اب خون رس رہا تھا۔

!Oh God

یہ کیا ہو گیا ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار اس پتھر سے ٹکرا گئی۔

پری نے غصے میں پتھر کو اسی پاؤں سے ٹھوکر ماری جس سے اس کے درد میں مزید اضافہ ہوا۔

URDU NOVEL BANK

"آہ.. ! "

"ارے پاگل ہو کیا کر رہی ہو ؟ "

"چلو اٹھو ہوٹل چلتے ہیں جا کہ بینڈج کرتے ہیں ۔"

زوبی نے اسے ڈپٹتے ہوئے کہا ۔ "

"نہیں---"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"میں نہیں چل سکتی یار"

بہت درد ہو رہا ہے ۔

پری یار کوشش تو کرو نہ.

"چلو اٹھو شاباش"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عائشے نے اسے اٹھاتے ہوئے کہا۔

"نہیں ---"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

اب رات تو یہاں نہیں گزار سکتے چلو اٹھو۔

" زوبی اور عائشے اسے بچوں کی طرح پچکار رہی تھیں۔"

اتنے میں ان کے پاس ایک گاڑی آ کر رکی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پہلے تو وہ ڈر گیئں کہ اس وقت کون انکے پاس آ سکتا ہے ۔

لیکن پھر گاڑی سے اترنے والے انسان کو دیکھ کر ان کے چہروں پر اطمینان در آیا۔

URDU NOVEL BANK

"کیا ہوا آپ لوگ یہاں ایسے کیوں کھڑی ہیں ؟ "

"ٹھینک گاڈ ! آپ آگئے."

سچ میں آپکا اسطرح ہر جگہ پہنچ جانا ابھی کیلئے ہمارے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی مطمئن ہوتے ہوئے بولی ۔

" ہوا کیا ہے ؟ "

URDU NOVEL BANK

اس نے پری پر نظریں گاڑے پوچھا ۔

جو ابھی تک سر نیچے گرائے رونے میں مصروف تھی۔

"وہ پری کے پاؤں پر چوٹ لگی ہے۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری وش دکھائیں کہاں چوٹ لگی ہے ؟

" ازلان اس کے پاس نیچے بیٹھتے ہوئے بولا۔ "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

پری نے اسے سر اٹھا کر دیکھا۔

"آنسوؤں سے تر آنکھیں "

"ازلان کے دل کو کچھ ہوا۔"

اس نے اس کے پاؤں کی طرف دیکھا جسکی حالت زیادہ خراب دکھ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے اپنا رومال نکال کر اس کے پاؤں پہ باندھا۔

"چلیں آئیں گاڑی میں بیٹھیں میں آپکو لے چلتا ہوں ۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

اس نے کھڑے ہو کر پری کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہا۔

کوئی ی اور وقت ہوتا تو پری اس طرح اسے اچھی خاصی سنا دیتی۔لیکن ابھی اسکو شدید درد ہو رہا تھا اس لیے وہ چپ چاپ اسکا ہاتھ تھامے اٹھ کھڑی ہوئی ی۔

"ازلان کو اس طرح اسکا خیال کرتے دیکھ آج پہلی بار زوبی کو پری سے جلن محسوس ہوئی۔"

"آپ لوگ بھی آجائیں."

www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ازلان اسے گاڑی میں بیٹھاتے ہوئے باقیوں سے بولا اور خود ڈرائیونگ سیٹ سنبھال لی۔

دومنٹ کی لگاتار خاموشی کے بعد آخرکار اس خاموشی کو ازلان کی آواز نے توڑا۔

" ویسے آج یہ ہماری تیسری ملاقات ہے اور ابھی تک ہمارا ایک دوسرے سے مکمل تعارف نہیں ہوا۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی میں عائشے ہوں اکناملکس کی سٹوڈنٹ ہوں

" اور آپ ! "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ پری کی طرف دیکھتے بولا ۔

میں گل ہوں میں بھی اکنامکس کی سٹوڈنٹ ہوں --

" اور آپ---؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ پھر سے پری کو دیکھنے لگا۔

اب کی بار زوبی زرا نروٹھے پن سے بولی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

"ویسے آپ کو خیال آ گیا ھے مجھے تو لگا کہ آپ کی ساری توجہ پری کی چوٹ کی طرف ہے۔"

"ارے ہماری ساری توجہ اپ ہی کی طرف ہے"

ازلان کی اس بات پر زوبی ایک بار پھر سے اپنے پرانے موڈ میں لوٹ آئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا تو کیسا تعارف چاہیے پھر آپ کو؟"

میرے نام سے تو آپ بخوبی واقف ہیں۔

URDU NOVEL BANK

"آپ لوگوں کا تعلق کہاں سے ہے آپ کیا کرتی ہیں آپکی hobbies کیا ہیں؟

وغیرہ"

"ہا ہا ہا ہا---"

"ایک ساتھ اتنے سوال"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جی بالکل لیکن جواب ابھی تک ایک کا بھی نہیں ملا۔

"وہ پری کی طرف دیکھتے ہوئے بولا۔"

URDU NOVEL BANK

"پری اس کی بات اچھے سے سمجھ رہی تھی لیکن وہ اس وقت کسی بھی طرح کی کوئی بات نہیں کرنا چاہتی تھی۔"

"ملے گا جواب ضرور ملے۔"

زوبی نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہمارا تعلق پنجاب کے شہر سرگودھا سے ہے اور ہم کیڈٹ کالج کی سٹوڈنٹ ہیں۔

"ارے واہ.. ! "

URDU NOVEL BANK

کیا حسین اتفاق ہے میں بھی وہی کا رہنے والا ہوں۔

اس کی بات پر پری نے اسے بڑے اچھنبے سے دیکھا۔

وہ اس کی نظروں کا مفہوم اچھے سے سمجھ رہا تھا لیکن اس کے ہونٹوں پہ ایک مدھم مسکان رقص کر رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کس جگہ رہتی ہیں آپ؟"

"ہم وہ.. ! "

URDU NOVEL BANK

زوبی پتہ بتانے کے ساتھ نمبر بھی دے دینا۔

پری نے غصے سے اس کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔

" اوہ ہاں۔۔"

یہ خیال مجھے پہلے کیوں نہیں آیا میں دیتی ہوں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"زوبی۔۔؟"

تم واقعی میں بے وقوف ہو یا بن رہی ہو؟

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب کی بار پری نے ذرا غصے سے کہا۔

زوبی اس کی بات کو سمجھتے ہوئے منہ بسور کر بیٹھ گ ئی ی۔

ہاہاہاہا-------!

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ اس خاموش رات میں ازلان کا جاندار قہقہ گونجا۔

جسے پری نے بڑی ناگواری سے نظرانداز کیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"لوجی آ گ ئی ی اپکی منزل مقصود۔"

ازلان نے ہوٹل کے سامنے گاڑی روکتے ہوئے کہا۔

پری فوراً سے گاڑی کا دروازہ کھول کر نیچے اتری اور انڈر کی جانب بڑھ گئی۔

ایک درد کی لہر اس کے پاؤں میں اٹھی لیکن وہ برداشت کرتے ہوئے اندری جانب بڑھ گئی ۔

ازلان اس کی پشت کو گھور رہا تھا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" تھینک یو سو مچ ازلان."

"زوبی اس کے نظروں کے زاویے کو دیکھتے ہوئے بولی ۔ "

تھینک جسے بولنا چاہئیے تھا وہ تو فوراً سے اندر کی جانب بھاگ گ ئی ی جیسے میری گاڑی میں کانٹے لگے ہوئے تھے ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے نہیں "

ایسی بات نہیں ہے ۔

"ہمم چلیں ٹھیک ہے"

آپ کہتی ہیں تو مان لیتے ہیں۔

اوکے اب میں بھی چلتا ہوں۔ الحافظ !

الحافظ ! زوبی نے چہرے پر مسکراہٹ لائے کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ساری توجہ آپ کی طرف ہی تو ہے اس کے کانوں میں اذلان کے الفاظ گونجے وہ مسرور ہوتی آگے بڑھ گئی۔

URDU NOVEL BANK

----------------------------------------

وہ چاروں ابھی تک سو رہی تھی کہ پری کی آنکھ دروازے پر مسلسل ہوتی دستک سے کھلی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس کا اٹھنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا اس لئے اس نے اپنے ساتھ سوئی زوبی کو جنجھوڑا۔

"ہمم "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

" اٹھو زوبی "

" کیا ہے یار؟سونے دو"

اٹھو تم دیکھو دروازے پر کون ہے ؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ دونوں تو گھوڑے گدھے بیچ کر سو رہی ہیں۔ تم ہی دیکھ لو اٹھ کر کہ کون ہے۔

"میں نہیں اٹھ رہی "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

جو کوئی بھی ہوگا خود ہی واپس چلا جائے گا۔

لیکن جو کوئی بھی تھا بڑا ڈھیٹ تھا واپس جانے کی بجائے اب اس کی دستک میں شدت آگئی تھی۔

"زوبی مسلسل دستک ہورہی تم اٹھ کر ایک بار دیکھ ہی لو تو کون ہے "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" نہیں میرا اٹھنے کا کوئی ارادہ نہیں تم خود دیکھ لو اگر اتنی ہی پریشانی ہورہی ہے۔

"میں اٹھ جاتی اگر میرے پاؤں پر چوٹ نہ لگی ہوتی تو "

URDU NOVEL BANK

ٹھیک ہے پھر میں خود ہی دیکھ لیتی ہوں ۔

اس نے زوبی کی طرف سے کوئی جواب نہ پاتے ہوئے کہا اور ساتھ ہی تھوڑا سا لحاف کھسکایا۔

"اُفف"

"کیا مصیبت ہے ؟"

اچھا رکو دیکھتی ہوں میں کہتے ساتھ ہی وہ اٹھ کھڑی ہوئی ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ہاں ایسی کیا آفت آن پڑی کہ آپ نے واپس جانے کا نام ---!"

اس نے دروازہ کھولتے ہی کہا لیکن سامنے ازلان کو پا کراس کے آدھے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے ۔

"کیوں کہ میں واپس جانے کے لیے نہیں آیا تھا "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے بڑے خوشگوار موڈ میں جواب دیا ۔

" ارے یہ پھول کس کے لیے ہیں ؟

URDU NOVEL BANK

زوبی نے اس کے ہاتھ میں فریش لال گلاب پکڑے دیکھ کر کہا۔

"آپ اندازہ لگائیں کس کے لیے ہو سکتے ہیں."

۔ازلان نے شرارت سے ایک آنکھ کا کونہ دباتے ہوئے کہا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اچھا... ! "

"تو پھر میرے لیے ہی ہوں گے ۔ یہ کہتے ساتھ ہی اس نے ازلان کے ہاتھ سے پھول پکڑ لیے ۔ "

URDU NOVEL BANK

"ارے نہیں یہ تو۔۔۔!"

"اگر پھول ہی دینے تھے تو بعد میں دے دیتے ہماری نیند خراب کرنے کی کیا ضرورت تھی؟"

پری نے بڑی ناگواری سے ازلان کی بات کے بیچ میں ہی کہا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ارے نہیں۔۔"

"یہ پھول تو میں آپ کیلئے لایا تھا۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

ساتھ ہی اس نے زوبی کے ہاتھ سے پھول پکڑ کر پری کی طرف بڑھائے ۔

"چھن سے زوبی کے دل میں کچھ ٹوٹا ۔ "

پری نے ازلان کو بڑی حیرانگی سے دیکھا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" کیا ؟ "

ایسے کیا دیکھ رہی ہیں یہ پھول میں آپ کیلیئے ہی لایا ہوں ۔

" لیکن کس خوشی میں ؟ "

URDU NOVEL BANK

وہ دراصل میں آپکی طبیعت پوچھنے آ رہا تھا تو سوچا ساتھ پھول بھی لے جاؤں ۔ ہم لوگ اسے ہی عیادت کرتے ہیں نہ--!

کیوں میری طبیعت کو کیا ہوا ہے جو آپ پوچھنے کیلئے آئے ہیں ۔

" وہ آپ کے پاؤں پر چوٹ لگی تھی نہ-- !"

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

" اوہ اچھا "

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

بہت شکریہ آپ کا لیکن میرا پاؤں اب بالکل ٹھیک ہے آپ دیکھ سکتے ہیں ۔ اس نے اذلان کے سامنے اپنا پاؤں کرتے ہوئے کہا ۔

ہمم !یہ تو بہت اچھی بات ہے ۔چلیں پھر یہ پھول تو قبول کر لیں ۔

"میں کیوں کروں قبول میں تو بیمار بھی نہیں ہوں "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آپ رکھ لیں کسی اور کی عیادت کرنے جائیں گے تو کام آئیں گے۔

پر یہ لایا تو آپ کیلئے ہوں نہ --!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زوبی آپ ہی سمجھائیں اسے۔

زوبی نے جلدی سے اپنی گال پر لڑھکتے آنسو صاف کیے کہ کوئی دیکھ نہ لے ۔

پری بالکل ٹھیک کہ رہا ہے ازلان ۔

اب تمھارے لیے لایا ہے تو تم رکھ لو نہیں تو اسے برا لگے گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں نہ۔۔! بالکل مجھے بڑا لگے گا ۔

"تو میں کیا کروں اگر تمہیں برا لگے گا"

URDU NOVEL BANK

"پری یار"

اب رکھ بھی لو۔

زوبی نے پھول پکڑا کر اسے تھما دیے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اوہ — تھینک یو زوبی مدد کیلئے"

اس بار زوبی نے صرف مسکرانے پر ہی اکتفا کیا۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

اوکے ! میں چلتا ہوں ۔ پھر ملاقات ہوگی ۔

"ویسے زوبی تمہاری دوست ہے بڑی نک چڑھی "

وہ دروازے کے پاس پہنچ کر رکتے ہوئے بولا اور فورا باہر قدم رکھ دیے مبادا کہ جواب میں کچھ سننے کو نہ مل جائے ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جبکہ پری تو کسی گہری سوچ میں گم تھی اس نے ازلان کی بات سنی ہی نہیں ۔

"کیا سوچ رہی "

زوبی نے اسے اس طرح خاموش دیکھ کر پوچھا ۔

پری میں تم سے پوچھ رہی ۔

جواب نہ ملنے کی صورت میں زوبی نے اسے بازو سے پکڑ کر ہلایا۔

"ہاں ۔ ۔ ہمم۔"

کس سوچ میں گم ہو؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"زوبی یار میں سوچ رہی تھی کہ یہاں آنے کے بعد تو سفید پھول، سنؤوائٹ والا قصہ تو ختم ہی ہو گیا۔"

" دیکھا یہ سب تمھارا وہم ہی تھا۔

میں نہیں کہتی تھی لیکن تم میری سنتی ہی کب ہو۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"نہیں یار!"

" وہ سب میرا وہم نہیں تھا۔ وہ سچ میں تھا۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

" اچھا چلو جو بھی تھا لیکن اب تو نہیں ہے نہ ! "

ہاں شکر ھے اب نہیں ہے ۔

" او .! تو سنووائٹ آپ مجھے مس کر رہی ہیں ۔ "

کسی نے پری کی بات سنتے ہوئے خود سے ہمکلام ہوتے کہا۔ " کیونکہ یہ قصہ تو ابھی شروع ہی ہوا ہے ۔ "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

-----------------------------------

"کیا ہوا زوبی؟ "

آج تم بہت خاموش ہو۔ کوئی بات نہیں کر رہی ہو ۔ وہ اس وقت ناشتہ کرنے ایک جگہ اکٹھے ہوئے تھے کہ عمر نے زوبی کو چپ چاپ ایک سائیڈ پر بیٹھی دیکھ کر پوچھا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" نہیں تو کچھ بھی نہیں ہوا "

تمہاری دوست کہاں ہے ؟

" کون؟"

URDU NOVEL BANK

" ایک ہی تو تمہاری دوست ہے جس کے ساتھ تم چپکی رہتی تھی یا پھر کوئی اور بھی ہے "

"اچھا"

وہ کمرے میں ہی ہے اس کے پاؤں پر چوٹ لگی ہے اس لیے ۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

"ہاں دیکھا تھا میں رات میں تم لوگوں کو اسی آدمی کے ساتھ واپس آتے ہوئے ۔
"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

" تم ہماری جاسوسی کررہے ہو ۔ "

لو بھلا مجھے کیا ضرورت تم لوگوں کی جاسوسی کرنے کی سب کچھ سامنے ہو رہا ہو تو نظر تو پھر آتا ہی ہے ۔

پورا کمیپ بات کر رہا ہے اس بارے میں ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کس بارے میں۔"

یہی کہ وہ کچھ زیادہ ہی نہیں مل رہا تم لوگوں سے ، آج صبح بھی اسے تم لوگوں کے کمرے کے باہر پھول لئے کھڑا دیکھا ہے ۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں وہ رات میں ہم واپس آرہے تھے تو پری کو چوٹ لگ گئی تھی اس سے چلا نہیں جا رہا تھا تو ازلان نے ہماری مدد کی اور صبح بھی وہ اسی کی طبیعت دریافت کرنے آیا تھا۔

" اوہ اچھا ! "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مجھے لگا وہ تم سے ملنے آیا تھا ، وہ پھول تمہارے لیے لایا تھا۔ کیوں کہ تم دونوں کو کافی فرینک دیکھا تھا۔

" لیکن کوئی بات نہیں آنکھوں دیکھا سچ تو نہیں ہوتا نہ۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"زوبی کے چہرے پر ایک سایہ سا آ گزر گیا۔"

عمر کمال مہارت سے اس کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھ چکا تھا۔

اب بس اسے اپنا مقصد پورا کرنے کیلئے اسے ہوا دیتے رہنا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسی طرح ان کے ایک دوسرے کو دیکھتے، دوسروں کو نوٹ کرتے،

شرارتیں، مستیاں کرتے ان کے دن گزر رہے تھے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

---------------------------------------------

وہ چاروں اس وقت اپنے ہوٹل کے کمرے میں بیٹھی پورے دن کی روداد کا ذکر کرکے ایک بار پھر سے محظوظ ہو رہی تھیں کہ ان کا دل کیا کیوں نہ باہرجایا جائے،

آج موسم بھی بہت ٹھنڈا تھا ہلکی ہلکی ہوا چلنے کے ساتھ ساتھ بوندا باندی بھی ہو رہی تھی ان چاروں نے ( عائشہ گل زوبی پری وش ) نے باہر چہل قدمی کرنے جانے کا پروگرام بنایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لیکن یہاں پہ اصل مسئلہ تھس رات کے اس پہر اجازت لینا، وہ بھی ٹیچر حضرات سے----!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور اس مشکل مرحلے کو طے کرنے کیلئے کوئی بھی تیار نہیں تھی۔

آخرکار 20 منٹ کی ہوتی لگاتار بحث کا نتیجہ اس بات پہ نکلا کے بنا بتا ئے جایا جائے۔

اگر چوری چھپے نکلے گئے تو کسی کو بھی پتہ نہیں چلے گا سب اپنے اپنے کمروں میں سو رہیں ہیں لیکن اس فیصلے میں بھی ایک بات کا ڈر تھا کہ اگر کسی نے جاتے ہوئے دیکھ لیا تو ۔۔پر

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پر ان چاروں کو تو اپنے اس ٹرپ کو adventure بنانے کا بھوت سوار تھا

جو ہو گا دیکھا جائے گا، فقرے پر عمل کرتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئیں۔

" زوبی نے دروازہ کھول کر سر باہر نکال کر دیکھا۔ "

"لابی بلکل خالی تھی۔"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کوئی ذی روح کے ہونے کا امکان نہیں نظر آ رہا تھا ۔

"آجاؤ کوئی بھی نہیں ہے زوبی نے سرگوشی نما آوازیں میں کہا۔"

URDU NOVEL BANK

اُس کی بات سنتے ہی پری وش نے بھی اپنا سر باہر نکال کر دیکھا۔

اس کے بعد عائشے اور گل نے بھی ایسے ہی دیکھا۔

اب عالم یہ تھا کہ سب سے پہلے زوبی کا سر پھر پری وش، عائشے اور پھر گل کا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چاروں نے اپنی نظروں کا زاویہ ایک طرف گھمایا،کوئی نہیں تھااس طرف ،

URDU NOVEL BANK

اور جیسے ہی انہوں نے اپنی نظریں دوسری طرف گھمائی تو ایک ادھیڑ عمر شخص کو اپنے سامنے پایا جس نے خود کو بڑی سی چادر میں لپیٹا ہوا تھا، سر کو ڈھانپا ہوا تھا اور ہاتھ میں ٹارچ کے بجائے لالٹین پکڑی تھی ۔

لالٹین کی مدہم سی روشنی اس شخص کے اوپر پڑ رہی تھی اور اس مدھم روشنی میں اس کی صرف سرخ آنکھیں نظر آ رہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہی سرخ آنکھیں دیکھ کر ان چاروں کی اک ساتھ چیخ نکلی۔

وہ الٹے پاؤں پیچھے کو پلٹی تو اپنا توازن برقرار نہ رکھنے کے سبب یکے بعد دیگرے ایک دوسرے کے اوپر آن گری۔

URDU NOVEL BANK

ان کی چیخ سن کر سب جاگ گئے اور بھاگم بھاگ ان کے کمرے کی طرف آئے
۔

یہاں پر وہ چاروں فرش پر ایک دوسرے کے اوپر گری آنکھیں بند کیے بھوت بھوت کا شور الاپ رہی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کچھ منٹ بعد جب کوئی بھی حرکت ہوتی نہیں محسوس کی تو انھوں نے ڈرتے ڈرتے اپنی آنکھیں کھولی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور اب ان کے سامنے سارے سٹوڈنٹ اور ٹیچر کے چہرے سوالیہ نشان بنے کھڑے تھے۔

"اب وہاں کا منظر کچھ یوں تھا کہ سارے سٹوڈنٹ ایک طرف اور ٹیچرز ایک طرف کھڑے تھے۔"

وہ چاروں اس کمرے کے بیچوں بیچ سر جھکائے کھڑی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سب نے ان کا بغور جائزہ لیا وہ اس وقت اوور کوٹ پہنے ہاتھوں میں شال لیے کھڑی تھیں۔

URDU NOVEL BANK

"ان کے اس حلیے سے صاف لگ رہا تھا کہ وہ باہر جانے کیلئے تیار تھیں۔"

" اب تم میں سے کون سارے قصے پر روشنی ڈالے گا ان میں سے ایک ٹیچر نے انہیں پوچھا۔۔۔!"

چاروں نے اپنی نظریں اوپر اٹھائی باری باری سب کو دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سٹوڈنٹ پر سے ہوتی نظر ٹیچر پر آن رکی اور پر ان سے ہوتے ہوئے سرخ آنکھوں والے شخص پر جا رکی۔

جو اب چادر کو سر سے ہٹائے کھڑا تھا۔

"اس پر نظر پڑتے ہی ان کا غصہ ساتویں آسمان کو چھونے لگا۔"

یہ ادھیڑ شخص ان کے کالج ہوسٹل کا سیکورٹی گارڈ تھا جس کی عادت تھی کہ وہ رات میں سب سٹوڈنٹ کے کمرے چیک کرتا تھا کہ سب سورہے ہیں یا نہیں۔۔۔۔!"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اسی وجہ سے اسے یہاں بھی ساتھ لایا گیا تھا۔

اور وہ اس کو دیکھ کر ڈر گئی تھیں۔

جس کی وجہ سے ان کا سارا بنا پلان بگڑ گیا تھا ۔

"جی سر ہم تو کہیں بھی نہیں جارہی ہیں۔"

دراصل یہاں سردی بہت ہے اس لیے ہم نے اوور کوٹ پہنے ہوئے ہیں" پری وش نے جواب دیا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اور یہ ہاتھ میں پکڑی شال اوپر اوڑھنی ہے ہیں نہ۔۔۔۔۔۔!"

کیوں کہ سردی بہت ہے اور یہاں لحاف ختم ہو گے ہیں ۔

اس کی بات پر ٹیچر نے جواب دیا ۔

جس پر چاروں بری طرح شرمندہ ہوئی ۔

"اب یہ سچ بتانے کی ہمت کون کرے گا ؟"

سب نے زوبی کی طرف دیکھا جیسے کہہ رہی ہوں کہ تم بتاؤ ہم نہیں بتا رہی آخر منصوبہ بھی تو تمھارا ہی تھا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آخرکار زوبی نے تھوک نگلتے ہوئے اپنے لب کھولے "

URDU NOVEL BANK

جی سر-----!

"وہ ہم------!"

"وہ ہم کیا؟"

سر-----! وہ ہم کچھ دیر کے لیے باہر جانا چاہتی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"رات بہت ہو گئی تھی تو سوچا آپ اجازت نہیں دیں گے تو------!"

تو پھر تم لوگوں نے سوچا کہ ہمیں بیواقوف بنا کر چوری چھپے نکل جاؤ۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"جی سر۔۔۔!"

سب کھسیانی انداز میں ہنسنے لگے۔"

زوبی کو احساس ہوا کہ وہ کچھ غلط بول گئی ہے تو اس نے فوراً سر کو نفی میں جنبش دی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں سر۔۔۔۔۔!

"وہ میرا مطلب ہے کہ۔۔۔۔!"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"تمھارا جو بھی مطلب ہو لیکن تم لوگوں نے غلطی کی ہے اور اس کی سزا بھی اب ملے گی۔"

جی---؟

ان سب نے بیک وقت حیرانگی میں کہا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

جی ہاں---!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کل صبح تم چاروں ادھر ہی رہوگی باقی سب گھومنے جائیں گے یہ تم لوگوں کی سزا ہے۔

"لیکن سر----!"

لیکن ویکن کچھ نہیں بس یہی سزا ہے اور اب کوئی سوال جواب نہیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چپ کر کے سب اپنے کمروں میں جاکر سو جائیں۔

اتنا کہہ کر وہ وہاں سے نکلتے چلے گئے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور وہ چاروں وہیں پہ کھڑی سب کی خود پر ہنسی اڑاتے چہرے دیکھ رہی تھیں ۔

کوئی انھیں بیسٹ آف لک توکوئی گٹ نائٹ بولتے ہوئے چہرے پر افسوس کے تاثرات تو کبھی تمسخر کے تاثرات لا رہے تھے۔

سب باری باری ان کے کمرے سے چلے گئے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اب سب کی نظروں کا زاویہ زوبی کی طرف تھا۔

"کیا؟"

URDU NOVEL BANK

تم سب بھی اس پلان میں برابر کی حصہ دار ہو۔

زوبی ان کی نظروں کے مفہوم کو سمجھتے ہوئے کہا

لیکن ماسٹر مائنڈ تو تم ہی تھی نہ....؟

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ گندا پلان بنانے والی تم ہی تھی نہ..؟

پری وش نے ہاتھ میں پکڑی شال اسکی طرف اچھالتے ہوئے کہا۔

اے میری جان---!

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

غصہ کیوں کرتی ہو صبح ہوئی تو ہم سب جا کر سر سے معافی مانگ لیں گے تب تک ان کا غصہ بھی ٹھنڈا ہو جائے گا۔

زوبی نے پری کے گلے میں بانہیں ڈالتے ہوئے کہا۔

دفعہ ہو تم اب جو بھی کرنا خود ہی کرنا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پیچھے ہٹو سونے دو مجھے "

اس نے زوبی کی بانہوں کو جھٹکتے ہوئے کہا۔

URDU NOVEL BANK

اور خود کمبل تان کر لیٹ گئی۔

کہ مبادا اب پھر سے نہ زوبی کا خرافاتی دماغ چلنا شروع ہوجائے۔

پری کو سوتا دیکھ کر اب زوبی کی نظر عائشے اور گل کی طرف گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

خود پہ نظریں آتی دیکھ وہ دونوں بھی سونے کے لیے لیٹ گئیں۔

زوبی نے تینوں کو غصے سے دیکھا اور خود بھی پھر کندھے اچکاتے ہوئے سونے کیلئے لیٹ گئی۔

URDU NOVEL BANK

------------------------------

"صبح ہر طرف ایک عجیب سا شور تھا۔"

ان چاروں کی آنکھ بھی اس بے ہنگم ہوتے شور کی وجہ سے کھلی ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انھوں نے اٹھ کر دیکھا تو ان کے کمرے میں رش لگا ہوا تھا ۔

"سب تیار ہو رہے تھے۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کوئی واش روم سے نکلتا دکھائی دے رہا تھا، تو کوئی ڈریسنگ کے سامنے کھڑا تھا۔

انہیں اٹھتے دیکھ کر سب کہنے لگے کہ آج ٹرپ کا آخری دن ہے نہ تو ہم چاہتے ہیں کہ اچھے سے تیار ہوں۔

تاکہ آخری دن اچھا گزاریں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

تم لوگوں نے تو جانا نہیں ہے اسی لیے ادھر آ گئے کہ تسلی سے سب تیار ہوں
۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ چارو ں آنکھیں پھاڑ کر اس اتھل پتھل کو دیکھ رہی تھیں اور سب کی سازش کو سمجھ رہی تھیں کہ سب انہیں چیرانے کیلئے یہاں آئیں ہیں۔

ایک بار پھر سے زوبی تینوں کی آتش زدہ نظروں کے گھیرے میں تھی۔

---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(زوبی، پری وش ،عائشے اور گل)

سر کہہ رہیں ہیں کہ ناشتہ تم لوگوں کا کمرے میں ہی آجائے گا اور یہاں سے جانے کی ضرورت نہیں ہے۔

URDU NOVEL BANK

ایک لڑکی بھاگم بھاگ یہاں آئی اور سب کو مخاطب کرتے ہوئے سر کا پیغام دیا۔

اور تم سب بھی جلدی کرو سر نیچے انتظار کررہے ہیں۔

نھیں تو تم لوگوں کو بھی ادھر ہی چھوڑ کر چلے جائیں گے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جیسے آندھی طوفان کی طرح آئی تھی ویسے ہی پلٹ گئی۔

سب نے یہ سنتے ہی نیچے کو دوڑ لگائی ۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور پیچھے وہ چاروں سر پکڑ کر بیٹھ گئیں۔

انہوں نے سوچا بھی نہیں تھا کہ ان کے اس ٹرپ کا انجام ایسا ہوگا۔

.............................

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی وہ سب یہی سوچ رہی تھیں کہ سب کے جانے کی کچھ دیر بعد ان کے کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی۔

سب کے چہرے پر ایک مسکان آئی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ان کے دماغ میں چل رہا تھا کہ کوئی انہیں لینے آیا ہے۔

زوبی نے آناً فاناً دروازہ کھولا۔

ہمیں پتہ تھا کہ سر کو ہم پر ترس آ ہی جائے گا،تو وہ ہمیں لینے کے لیے کسی کو۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زوبی کی قینچی کی طرح چلتی زبان کو سامنے کھڑے شخص کو دیکھ کر بریک لگی۔

اب اس کی نظروں میں سامنے کھڑے شخص کیلئے ستائش تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

عائشے اور گل بھی اسے دیکھ چکی تھیں ان کی آنکھوں میں بھی چمک در آئی تھی۔

وہ تھا ہی ایسا۔۔۔۔۔ !

ہر دلفریب انسان۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا بلا کی کشش تھی اس کی شخصیت میں کہ ہر کوئی اس کی طرف کھینچا چلا جاتا تھا۔

اور سب سے بڑی بات اس کی نیلی آنکھیں جو ہر وقت چمکتی رہتی تھی ۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

پری بھی اسے دیکھ چکی تھی اور باقیوں کے برعکس اسے دیکھ کر پری کا حلق تک کڑوا ہو گیا تھا ۔

پتہ نہیں کیوں وہ پہلی ملاقات سے ہی اس سے خار کھاتی تھی۔

لیکن پری کا یہی انداز سے بہت بھلا لگتا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

" ازلان آپ "

آپ یہاں کیسے ؟

زوبی نے چہکتی آواز میں اس سے پوچھا۔

ہاں۔۔۔۔!

مجھے پتہ چلا کہ تم لوگوں کا سارا گروپ گھومنے گیا ہے لیکن بس صرف تم چاروں ہو ادھر "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہاں وہ دراصل۔۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

کیا حسین اتفاق ہے نہ کہ ہمارے ساتھ جب بھی کوئی ٹریجڈی ہوتی ہے آپ کو فورا الہام ہوجاتا ہے۔

پری نے زوبی کی بات کاٹتے ہوئے خود اسے بڑی ناگواری سے جواب دیا۔

کیا کریں ہم تو ہمیشہ آپ کے ساتھ رہتے ہیں آپ نے ہی کبھ محسوس نہیں کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اس نے یہ بات بڑی مدھم آواز میں کہی تھی کہ صرف اس تک ہی رہے لیکن پاس کھڑی زوبی سن چکی تھی۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اور وہ اس کی اس طرح سرگوشی میں کی بات کو خود کے لیے سمجھ بیٹھی اور یہ سوچ آتے ہی اس کا چہرہ کھل اٹھا۔

زوبی کو اسطرح مسکراتے دیکھ کر پری کے غصے میں مزید اضافہ ہوا ۔

" مسٹرازلان کیا آپ بتانے کی زحمت کریں گے کہ آپ یہاں پر کیوں تشریف لائیں ہیں؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پری نے اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے پوچھا ۔

" جی بالکل ضرور بتائیں گے۔"

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"بلکہ آپ سب کو لے کر جائیں گے ۔"

کیا مطلب --؟

اب کی بار سوال عائشے کی طرف سے آیا تھا ۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرامطلب کہ اب آپ پورا دن تو یہاں اس بند کمرے میں تو نہیں گزاریں گیئں

نہ----!

تو اسی لیے میں آپ لوگوں کو لینے آیا ہوں کہ آپ کا آج کا یہ دن خراب نہ گزرے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نہیں ہم کہیں نہیں جائیں گے آپکے ساتھ تو بلکل نہیں۔

تینوں نے پری کے اس جواب پر اسے گھور کر دیکھا۔

"کیا...؟"

تم سب مجھے ایسے کیا دیکھ رہی ہو؟

"پہلے ہی ہم سر کو نہ بتانے پر یہ سزا بگھت رہیں ہیں اور اب تم پھر سے وہی غلطی کرنا چاہتی ہو"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

آپ بے فکر رہیں۔

ان کے واپس آنے سے پہلے میں آپ لوگوں کو واپس لے آؤں گا۔

"پلیز آپ تو خاموش رہیں "

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"ہمیں آپ کی کسی بھی قسم کی کوئی مدد یا احسان نہیں چاہیے۔

اب آپ یہاں سے جا سکتے ہیں۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"پری نے بہت بے مروتی سے اسے کہا۔"

اس کا یہ انداز کسی کو بی پسند نہ آیا۔

لیکن اذلان اسے غصے میں دیکھ کر محظوظ ہورہاتھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ارے پری یار-----!

کچھ نہیں ہوتا نہ----!

دیکھو سب گئے ہوئے ہیں یہاں پر کوئی بھی نہیں ہے۔

Visit For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہم سارادن اس کمرے کی دیواروں کو دیکھتے گزاریں گے کیا؟

آخری دن ہے یہاں ہمارا چلتے ہیں نہ-----!

